اگر ساتوان مادہ ہوتا تہا کہتی تہی کہ یہہ بت واسطی ہی درمیان گلہ کی چہوڑ دیتی تہی اور اگر نر ہوتا تہا تو اوسکو ذبح کرتی
تہی اور کہتی تہی کہ یہہ بچہ ہماری خداؤں کی واسطی ہی اور اگر نر و مادہ دونو جنتی تہی تو نر کو بہی ذبح
کرتی تہی اور واسطی اوسکی مادہ چہوڑ دیتی تہی اور کہتی تہی کہ وصلت اخاہا

[illegible] یر اور اوکی نی حکم اوسکا لیا اور اوسکا نام وصیلہ کہتی تہی
[illegible] ناقہ کو ہستین کرتا تہا کہتی تہی حمی ظہرہ یعنی حمایت کی پشت اپنی
کی بعد اسکی سواری او پسر نکرتی تہی اور کسی آب و گیاہ سی منع نکرتی تہی اور اوسکو حام کہتی
تہی اور یہہ آیین زمانہ عمر ابن لحی سی زمانہ حضرت رسالت پناہ تک یہہ بات قبایل
اسیطر سی کرتی تہی اور ردعی اس بات پر تہی کہ حقتعالی نی ان باتون سی اوسی خوش اور
غیر اور مکرم کیا ہی لہذا حق تعالی نی رد سخن اونکی مین یہہ آیہ نازل کیا قولہ یا ایہا
الذین امنوا الخ منقول ہی کہ تمیم اور عدی نی قوم نصاری سی بتقریب تجارت سفر کیا
اور بدیل نامی ایک مسلمان آزاد کردہ عمرو عاص تہا ہمراہ انکی ہوا وقتی کہ بولایت
شام پہونچی بیمار ہوا اور نقود اور امتعہ سی جو کچہہ پاس اوسکی تہا ایک صحیفہ مین ثبت کیا
اور درمیان کپڑون اپنی کی چہپا دیا ہر گاہ کہ مرض اوسکا سخت تر ہوا تمیم اور عدی کو وصیت
کی کہ ترکہ میرا میری اہل کو پہونچا دو بعد از وفات اوسکی ہر گاہ اون لوگون نی رخوت اور
امتعہ اوسکی دیکہی ایکطرف نقرہ کوب پایا اور تین مثقال سی اوس مین تہی اوسکو لیا اور
باقی کو مدینہ مین لائی اور اوسکی اہل کو دی ورثہ بدیل نی ہر گاہ اوس صحیفہ کو پایا نقرہ
کوب کو نپایا رجوع کی طرف تمیم اور عدی کی اونہون نی انکار کیا آخر الامر یہہ مرافعہ تا
مجلس معلای حضرت رسالت پناہی کی لائی اوسوقت یہہ آیہ نازل ہوا یا ایہا الذین
امنوا شہادۃ الایہ اور بعد نزول اس آیہ کی جناب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ نی تمیم
اور عدی کو طلب کیا بعد از نماز عصر کی نزدیک منبر کی قسم دی اونکو اونہون نی قسم کہائی
کہ مال بدیل نہین لیا ہی حضرت نی فرمایا کہ انسی دعوا انکو بعد از چندی طرف کم شدہ

شدہ کو اونکی ہاتہہ مین پایا اور درمیان انکی اور ورثہ بدیل کی منازعہ کی طول کہینچا کہا اونہون
نی کہ ہمنی اوس ظرف کو بدیل سی مول لیا لیکن بسبب اسکی کہ کوئی گواہ نتہا اظہار نکیا ہمنی اور
انکار کیا پس دیگر مجلس شریف جناب رسالت پناہ مین آیہ نازل ہوا فان عثر علی
انہما استحقا اثما اذا حضر احدکم الموت الآیہ یعنی وقتی کہ حاضر ہون اسباب موت مرض وغیرہ سے
ہنگام وصیت مین دو شخص صاحبان عدل سی کہ تم سی ہون یعنی اہل ملت تمہاری سی ہون
یا اہل قرابت سی ہون چنانچہ حسن اور زہری اور عکرمہ اسیکی قائل ہوتی ہین یا دو شخص
غیر ملت تمہاری سی یا اجانب سی بنا بر قول ثانی کی اور لفظ او اس مقام مین تفصیل کی ہی
نہ واسطی تخییر کی اسواسطی کہ معنی اس آیہ کی یہہ ہین کہ دو شخص غیر ملت سی گواہی دین وقتی کہ تم
تمہارا کوئی موجود نہوا اور تم سفر مین ہوا اور قید سفر کی بنا بر اسکی ہی حق تعالی جانتا تہا کہ تنہا
مصاحبت اہل کتاب سی ہوگی اور اسی قریہ مین نازل ہون گی کہ مسکن اہل کتاب کا ہو
پس یہانسی معلوم ہوا کہ گواہی دو عادل کی اہل ایمان سی عام ہی سفر اور حضر مین اور
گواہی اہل ذمہ کی منحصر سفر مین ہی وقتی کہ اہل ایمان سی تم نہین قولہ تحبسونہما من بعد
الصلوۃ الآیہ یعنی باز رکہو اون دونو کو بعد از نماز عصر کی اسواسطی کہ حجاز مین اہل اسکی رسم
تہی بعد از نماز عصر کی واسطی مجتمع ہوتی جماعت کثیر کی بعد از فراغ نماز عصر کی یہہ معنی مروی
ہین حضرت ابی جعفر صلوات اللہ علیہ سی اور اسی معنو کی قتادہ اور سعید بن جبیر وغیرہ
قائل ہوئی ہین اور بعضون نی کہا ہی کہ نماز ظہر اور نماز عصر مراد ہی یہہ معنی حسن سے
منقول ہین اور بعضون نی کہا ہی کہ مراد اس سی اہل ذمہ مین یہہ معنی ابن عباس
اور سدی سی منقول ہین اور یہہ باز رکہنا اونکا واسطی قسم کی اوسوقت ہی کہ کسی کو ان

سی شک واقع ہو کہ یہہ شاہد ہیں جہوٹ نہ بولتی ہوں لہذا اونسی قسم لیجاویگی کہ ہم بدل انہو قرنی

ہیں اس قسم کو مال دنیا سی ۝ فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ

شخص دیگر قائم ہونگی مقام اون دو نو خائن کی اون لوگوں سی کہ لائق

کرنا تہا ... بات سی کہا ہی زجاج نی کہ یہہ آیہ صعب ترین آیات قرآن ہی ... روی

اعراب کی ... اولیان محل رفع میں ہی بنا بر بدل ہونی کی ضمیر یقومان سی

پس معنی اسکی اس تقدیر پر یہہ ہوں کی چاہئی کہ قائم ہووین اولیان میت مقام اون دو نو

خائنونکی ... بعضوں نی کہا ہی کہ رفع اسکا بنا بر فاعل ہونی استحق کی ہی پس معنی اسکی

یہہ ہونگی کہ مستحق ہووی ... اولیان میت ...

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا اِنَّكَ اَنْتَ

بیچ اوسدن کی کہ جمع کریگا خدا رسولوں کو پس کہیگا کس چیز سی اجابت کیگئی تم ... نہیں ہی علم ہمکو ... تحقیق تو ہی

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ

دانندہ چیزہای غائب ہی جبکہ کہا خدا نی ای عیسی بیٹی مریم کی یاد کر تو نعمت میری کو اوپر اپنے

وَعَلٰى وَالِدَتِكَ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ

اور اوپر ماں اپنی کی جبکہ مدد کی تجہکو ساتہ روح پاک کی کلام کرتا تہا تو لوگوں سی بیچ گہوارہ کی

وَكَهْلًا وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَاِذْ

اور کہولت کی اور جبکہ تعلیم کی میں نی تجہکو کتاب اور حکمت کو اور توریت کو اور انجیل کو اور جبکہ

تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِيْ

پیدا کیا تو نی مٹی سی ... مثل ... جانور کی ساتہ حکم میری کی پس پہونکتا تہا تو بیچ اسکی پس ہو جاتا جانور ساتہ حکم میری کی

وقف لازم

بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ

ساتہ حکم میری کی اور اچہا کرتا تہا تو اندہی کو اور برص والی کو ساتہ حکم میری کی اور جبکہ نکالتا تہا تو مردونکو ساتہ حکم میری کی

وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ

اور جبکہ باز رکہا میں نی بنی اسرائیل کو تجہسی جبکہ لایا تو اونکی پاس معجزات پس کہا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى

جو لوگ کہ کافر ہوئی اونمیں سی نہیں یہہ مگر جادو روشن اور جبکہ وحی کی میں نی طرف

الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ

حواریوں کی یہہ کہ ایمان لاؤ ساتہ میری اور ساتہ رسول میری کی کہا اونہوں نی ایمان لائی ہم اور گواہ رہ تو ساتہ اسکی کہ ہم مسلمان ہیں

اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ

جبکہ کہا حواریوں نی ای عیسی بیٹی مریم کی آیا قدرت رکہتا ہی رب تیرا یہہ کہ

يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ

نازل کری اوپر ہمارے ایک خوان آسمان سی کہا عیسی نی کہ ڈرو تم خدا سی اگر ہو تم ایمان لانی والی

قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا

کہا اونہوں نی کہ چاہتی ہیں ہم یہہ کہ کہاویں ہم اس سی اور مطمئن ہوں دل ہمارے اور جانیں ہم یہہ کہ تحقیق سچ کہا تو نی

وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ

اور ہوویں ہم اوپر اسکی گواہوں سی کہا عیسی بیٹی مریم نی ای خدا ای رب ہمارے

اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً

نازل کر اوپر ہمارے ایک خوان آسمان سی کہ ہووی ہمارے لئی عید واسطی اول ہمارے کی اور آخر ہمارے کی

مِنْكَ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ۝ قَالَ اللَّهُ إِنِّي مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ

تجھسے اور روزی دے ہمکو اور تو بہتر روزی دینے والا ہے کہا خدا نے بیشک میں اتارنے والا ہوں اسکو اوپر تمہارے

فَمَنْ يَكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَإِنِّي أُعَذِّبُهُ عَذَابًا لَا أُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ

پس جو شخص کہ کافر ہو بعد اسکے تم میں سے پس بیشک میں عذاب کرونگا اسکو ایسا عذاب کہ نہ عذاب کرونگا ویسا کسیکو عالم میں سے

وَإِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ أَأَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي

اور جب کہ کہا خدا نے اے عیسی بیٹے مریم کے آیا تو نے کہا ہے واسطے لوگوں کے کہ لو تم مجھکو

وَأُمِّيَ إِلَٰهَيْنِ مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ قَالَ سُبْحَانَكَ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أَقُولَ

اور ماں میری کو دو خدا سواے خدا کے کہا عیسی نے پاکی ہے تجھکو نہیں لائق ہے مجھکو یہ کہ کہوں

مَا لَيْسَ لِي بِحَقٍّ ۚ إِنْ كُنْتُ قُلْتُهُ فَقَدْ عَلِمْتَهُ ۚ تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلَا

اوس چیز کو کہ نہیں ہے واسطے میرے حق اگر میں نے کہا ہے اسکو پس تحقیق جانتا ہے تو اسکو جانتا ہے تو جو کچھ میرے جی میں ہے اور نہیں

أَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِكَ ۚ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝ مَا قُلْتُ لَهُمْ إِلَّا

جانتا ہوں میں جو کچھ بیچ ذات تیری کے ہے بیشک تو جاننے والا چھپی باتوں کا نہیں کہا میں نے واسطے انکے مگر

مَا أَمَرْتَنِي بِهِ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ

جو کہ حکم کیا تو نے مجھکو ساتھ اوسکے یہ کہ عبادت کرو تم خدا کی کہ رب ہے میرا اور رب تمہارا اور تھا میں اوپر انکے

شَهِيدًا مَا دُمْتُ فِيهِمْ ۖ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ

گواہ جب تک کہ تھا میں بیچ انکے پس جبکہ وفات دی تو نے مجھکو تھا تو نگہبان اوپر انکے

وَأَنْتَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝ إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۖ وَ

اور تو اوپر ہر چیز کے گواہ ہے اگر عذاب کرے تو انکو پس تحقیق وے بندے تیرے ہیں اور

وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ قَالَ اللَّهُ هَٰذَا يَوْمُ

اگر بخشدے تو انکو پس بیشک تو غالب ہے حکمت والا ہے کہا خدا نے یہ دن ہے کہ

يَنْفَعُ الصَّادِقِينَ صِدْقُهُمْ ۚ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

کہ نفع دیگا سچوں کو سچ انکا واسطے انکے بہشتیں ہیں کہ جاری ہیں نیچے انکے نہریں

خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ

درحالیکہ ہمیشہ رہنے والے ہیں بیچ اونکے ہمیشہ راضی ہوا خدا انسے اور خوشنود ہوے وے اوس سے یہ ہے مراد پانا

الْعَظِيمُ ۝ لِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا فِيهِنَّ ۚ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

بڑا واسطے خدا کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ کہ بیچ انکے ہے اور وہ اوپر تمام چیزوں کے قادر ہے

قولہ علام الغیوب یعنی تو جاننے والا غائب چیزوں کا ہے پس تو جانتا تھا کہ ان لوگوں نے زبان سے اجابت کی اور مضمون دل انکے کا اور تھا منقول ہے کہ عیسی باوجود اس مرتبہ عظمی کے جامہ پشمینہ پہنتے تھے اور گیاہ زمین نوش کرتے تھے اور کبھی کوئی چیز ذخیرہ نکرتے تھے اور گھر نرکھتے تھے کہ ویران ہووے اوسکا خوف آوے اور نہ زن اور نہ فرزند رکھتے تھے کہ خاطر اونسے متعلق ہو اور جس جگہ پر شب ہوتی تھی وہاں سو رہتے تھے قولہ یستطیع بس میں چند اقوال ہیں اول یہہ ہے کہ آیا رب تیرا کر سکتا ہے اس وقت کہ تو سوال کرے دوسرے یہ کہ یہہ باعث زیادتی علم ہمارے کا ہو اور صدق تیرے کا سو یہ کہ وہ عارف تھے اور مومن تھے پس شک نہ ماننا ہمکو ضرور تھا دوم یہہ ہے کہ اونھوں نے قبل استحکام معرفت کے کہا ہو سوم یہہ ہے کہ آیا اجابت کریگا رب تیرا اس امر کو پس اس صورت میں معنی یستطیع کے یطیع کے ہیں یعنی تیری اجابت کریگا لہذا حضرت عیسی نے کہا کہ خوف کرو تم ایسے سوال کرنے سے قولہ وتطمئن قلوبنا الخ

اور یہہ کہنا اونکا کہ مطمئن ہوون قلوب ہمارے قرینہ اسکا ہے کہ معنی اول ہی مراد ہون جناب
حاضل پر پوشیدہ نہین ہی قوله قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ الآیہ مروی ہی کہ جس وقت حواریون نی
طلب مائدہ کیا عیسی نے کہا کہ تیس روز روزہ رکھو اور بعد اسکی جس چیز کی خواہش ہو
طلب کرو حواریون نی موجب ارشاد اونکی کی تیس روزہ رکھی بعد اسکی عیسی نی جانب آسمان
جانب قبلہ متوجہ ہوکر دعا کی جسطرح سی کہ حق تعالی خبر دیتا ہی کہ کہا عیسی بیٹی مریم نی ای
بار خدایا ای پروردگار ہمارے بہیج اوپر ہمارے ایک خوان آسمان سی کہ ہووی وہ دن
ہمارے وہ دن عید کا کہ ہر سال اوس روز کو ہم عید کیا کرین اور اسی واسطی وہ لوگ
اوس روز مین زندانیونکو بندسی آزاد کرتی تہی اور اطفال کو مکتب سی خلاص کرتی تہی
اور اہل صنایع دست اپنی کام سی باز رہتی تہی اور نضر بن شمیل نی نقل کی کہ جو شخص اللّٰہم
کہی خدا کو ساتہہ جمیع نامہای اوسکی کی یاد کیا ہی اور اسی واسطی عیسی نی وقت طلب مائدہ حق
تعالی کو اس کلمہ سی یاد کیا اور اصل اللّٰہم کی یا اللّٰہ تہی یا کو حذف کیا اور آخر مین میم لائے
عوض اوسکی مین گویا کہ حرف ندا کا بدلا اور بعضون نے کہا ہی کہ اصل اسکی اللّٰہ امنا بالخیر
یعنی قصد اوسکو ساتہہ خیر کی پس صورت مین میم بقصد ابہام کا ہی قوله مَائِدَةً مِنَ السَّمَاءِ الآ
حضرت ابی جعفر علیہ السلام سی مروی ہی کہ وہ خوان کہ جو نازل ہوا تہا سات روٹیان
تہین کہ سب لوگون نی اول سی آخر تک کہایا اور سیر ہوئی اور وہ باقی رہین سلمان فارسی
سی مروی ہی کہ حق تعالی نی دو ابر بہیجی کہ دستر خوان سرخ اوس مین تہا اور قریب حواریون
کی آیا اور زمین پر پہنچا حضرت عیسی گریہ و زاری کرنی لگی اور عرض کی کہ بار خدایا
اس خوان کو خوان رحمت گردان اور عقوبت نگر بعد اسکی دعا کیا اور نماز ادا کی اور کہا

بارے بعد خیر الرازقین اور خوان پوشش خوانچہ سی اوٹہایا ایک خوان ظاہر ہوا کہ اوسمین ایک
بریان ... اوس سی ٹپکتا تہا اور نزدیک سر اوسکی کی نمک تہا اور نزدیک دم
اوسکی سرکہ اور اطراف اوسکی مین قسم قسم ترکاریون تہی سوائی گندنی کی اور پانچ گردہ
نان اوپر ہر ایک پر زیتون تہا اور دوسری پر شہد اور تیسری پر گہی اور چوتہی پر پنیر اور
پانچوین پر گوشت نمک سود و خشک شمعون کہ خلیفہ عیسی کی تہا اوٹہا اور کہا کہ یا روح اللّٰہ
یہہ طعام دنیا سی ہی یا طعام آخرت سی ہی عیسی نی فرمایا کہ یہہ کسی سی نہین ہی بلکہ وہ طعام
کہ حق تعالی نی بقدرت خود بہیجا دنیا ہی پس کہا کہ کہاؤ جس چیز کو کہ طلب کیا تہا تمنی اور اوس
شکر کرو تا نعمت زیادہ ہوا کہ ہزار او نفیس آدمی نی اوسکو کہایا اور ہرگز مطلق کم نہوا
اور کسی فقیر نی اوس طعام سی تناول نکیا مگر یہہ کہ وہ توانگر ہوا اور جس بیماری کہ اوس سی
کہایا شفا پائی یہانتک کہ اونہون نے اور کوئی تندرست ہوئی بعد اوسکی وہ مائدہ آسمان پر گیا
اور روز دیگر وقت چاشت پہر نازل ہوا اغنیا اور فقرا نی اوس سی تناول کیا اسیطرح
چالیس دن تک ایک روز درمیان آتا تہا شکل ناقہ صالح کی کہ ایک روز درمیان
دیتی تہی پس وحی نازل ہوئی کہ ای عیسی مائدہ میرا فقیرون کو دی نہ اغنیا کو
اس حکم سی مضطرب ہوئی اور مائدہ کو جادو پر حمل کیا اور سینتیس شخص
ہوئی اور بعد تین دن کی ہلاک ہوئی قوله الحدیقة منقول ہی کہ بعد از نزول مائدہ
ہر گاہ اونہون نے انکار کیا ساتہہ صورت ہو ...

آیاتہا ۱۶۵ کلماتہا ۳۰۵۲ سورة الانعام مکیة حروفہا ۲۲۴۲ رکوعاتہا ۲۰

بسم الله الرحمن الرحيم

شروع کرتا ہوں ساتھ نام خدا کے کہ رحمن اور رحیم ہے

الحمد لله الذي خلق السماوات والأرض وجعل الظلمات

تمام تعریفیں مخصوص ہیں خدا کی جو ایسا ہے کہ پیدا کیا جس نے آسمانوں اور زمین کو اور پیدا کیا تاریکیوں کو اور

والنور ○ ثم الذين كفروا بربهم يعدلون ○ هو الذي خلقكم

روشنی کو پھر بھی وہ لوگ کہ کافر ہوئے ساتھ پروردگار اپنے کی برابر کرتے ہیں وہ ایسا خدا ہے کہ پیدا کیا تمکو

من طين ثم قضى أجلا وأجل مسمى عنده ثم أنتم تمترون

مٹی سے بعد اسکے حکم کیا ایک مدت کو اور مدت معین نام کی گئی نزدیک اسکے پھر بعد اسکے تم شک کرتے ہو

وهو الله في السماوات وفي الأرض يعلم سركم وجهركم ويعلم

اور وہ معبود حق ہے بیچ آسمانوں اور بیچ زمین کے جانتا ہے پنہان تمہارا اور آشکارا تمہارا اور جانتا ہے

ما تكسبون ○ وما تأتيهم من آية من آيات ربهم إلا كانوا

اوس چیز کو کہ کرتے ہو تم اور نہیں آتی انکے پاس کوئی دلیل دلائل پروردگار انکے سے مگر تھے وہ

عنها معرضين ○ فقد كذبوا بالحق لما جاءهم فسوف يأتيهم

اوس سے روگردانی کرنے والے پس تحقیق تکذیب کی انہوں نے حق کی جب آیا انکو پس عنقریب آویں گی انکو

أنباء ما كانوا به يستهزئون ○ ألم يروا كم أهلكنا من قبلهم

خبریں اوس چیز کی کہ تھے ساتھ اسکے استہزا کرتے کیا نہیں دیکھا انہوں نے کس قدر ہلاک کئے ہمنے آگے ان سے

من قرن مكناهم في الأرض ما لم نمكن لكم وأرسلنا السماء

گروہ کہ جگہ دی تھی ہمنے انکو بیچ زمین کے اس طرح کی نہیں جگہ دی ہمنے تمکو اور بھیجا ہمنے آسمان کو

عليهم مدرارا وجعلنا الأنهار تجري من تحتهم فأهلكناهم

اوپر انکے برسنے والا اور کیا ہمنے نہروں کو کہ جاری تھیں نیچے انکے پس ہلاک کیا ہمنے انکو

بذنوبهم وأنشأنا من بعدهم قرنا آخرين ○ ولو نزلنا عليك

ساتھ گناہوں انکی کے اور پیدا کیا ہمنے بعد انکے گروہ اور اور اگر نازل کرتے ہم اوپر تیرے

كتابا في قرطاس فلمسوه بأيديهم لقال الذين كفروا إن هذا

ایک نوشتہ بیچ کاغذ کے پس لیتے اسکو ساتھ ہاتھوں اپنے کے البتہ کہتے وہ لوگ کہ کافر ہوئے نہیں ہے یہ

إلا سحر مبين ○ وقالوا لولا أنزل عليه ملك ولو أنزلنا

مگر جادو روشن اور کہا انہوں نے کیوں نہ نازل کیا گیا اوپر اسکے فرشتہ اور اگر نازل کرتے ہم

ملكا لقضي الأمر ثم لا ينظرون ○ ولو جعلناه ملكا

فرشتے کو البتہ حکم کیا جاتا امر ہلاکت ان کا پھر مہلت نہ دیجاتی اور اگر کرتے ہم اوس رسول کو فرشتہ

لجعلناه رجلا وللبسنا عليهم ما يلبسون ○ ولقد استهزئ

البتہ کرتے ہم اسکو بصورت مرد اور البتہ چھپاتے ہم اوپر انکے وہ چیز کہ چھپاتے ہیں اور تحقیق استہزا کیا گیا

ع برسل من قبلك فحاق بالذين سخروا منهم ما كانوا به يستهزئون

پیغمبران کے ساتھ پہلے تجھ سے پس احاطہ کیا ساتھ ان لوگوں کے کہ مسخرہ کیا انہوں نے رسولوں سے اوس چیز کا کہ تھے ساتھ اسکے استہزا کرتے

ابن ابی کعب سے مروی ہے کہ یہہ سورہ انعام مکہ میں ایک شب کو نازل ہوا اور ستر ہزار فرشتے حامل اس سورہ کے تھے اور ساتھ آواز عظیم کی تسبیح اور تحمید کرتے تھے ہر گاہ جناب رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ نے آواز انکی سنی فرمایا کہ سبحان اللہ العظیم اور سجدے میں گئے اور بعد اسکے کاتبوں کو بلایا اور فرمایا کہ اسکو لکھو اور فرمایا کہ جو شخص اسکو قرات کرے بعوض ہر آیت کے ستر ہزار

فرشتی اوسپر درود بہیجتی ہین و زرات ہین اور جابر بن عبداللہ انصاری سی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ سی روایت کی جو شخص کہ تین مرتبہ سورہ انعام سی پڑہی تا ویعلم ما تکسبون
حق تعالی چالیس ہزار فرشتی معین کرتاہی کہ مثل عبادت اپنی کی اوسکی واسطی لکہا کرتی ہین
اور ایک فرشتہ آسمان ہفتم سی نازل ہوتاہی اور ایک گرز آہنی ہمراہ اوسکی ہوتاہی کہ
ہر گاہ شیطان چاہتاہی کہ وسوسہ بیچ اوسکی ڈالی یہہ فرشتہ اوسپر گرز مارتاہی اور
اوسکو دور کرتاہی تا اینکہ حجاب درمیان اوسکی ہوجاتی ہین اور عیاشی نی بسند
خود ابو بصیر سی نقل کی ہی کہ ابوعبداللہ علیہ السلام نی فرمایاہی کہ سورہ انعام دفعۃً نازل
ہوا اور ستر ہزار فرشتی ہمراہ اوسکی تہی اور تعظیم اور اجلال اوسکی کرتی تہی اسواسطی کہ ستر
موضع مین اس سورہ کی اسم خدا مندرج ہی اگر لوگ فضیلت قراءت اس سورہ کی جانتی ہرگز
ترک اوسکو نکرتی اور حضرت علی بن موسی الرضا سی مروی ہی کہ جو شخص کہ اس سورہ کو
قراءت کری ستر ہزار فرشتی حاملین اس سورہ کی واسطی اوسکی تسبیح کہتی ہین قیامت تک
اور بہی کعب الاحبار سی مروی ہی کہ حق تعالی روز قیامت مین قاری اس سورہ کو خطاب
کریگا کہ ای بندی میری بیچ سایہ عرش کی آ اور فواکہ بہشت سی فائدہ مند ہو اور آب کوثر سی
سیراب ہو اور آب چشمہ سلسبیل مین غسل کر کہ تو بندہ میرا ہی اور مین خداوند تیرا ہون اور بہی
ابی عبداللہ علیہ السلام سی مروی ہی کہ جس شخص کو حاجت ہو طرف خدا کی اور چاہی برآنی
کو اسکی چاہیی کہ چار رکعت نماز پڑہی ساتہہ سورہ فاتحہ کی اور سورہ انعام کی اور بعد
از قراءت کی پڑہی اس دعا کو یا کریم یا کریم یا کریم یا عظیم یا عظیم یا عظیم
یا اعظم یا اعظم من کل عظیم یا سمیع الدعاء یا من لا یغیرہ اللیالی صل علی محمد

محمد وآلہ وارحم ضعفی وفقری وفاقتی ومسکنتی یا من رحم الشیخ یعقوب حین رد
علیہ یوسف قرۃ عینہ یا من رحم ایوب بعد طول بلائہ یا من رحم محمدا ومن الیتیم آواہ و
نصرہ علی جبابرۃ قریش وطواغیتہا وامکنہ یا مغیث یا مغیث یا مغیث
کہی لکہا مرتبہ پس قسم ہی اوس شخص کی کہ نفس میرا دست اوسکی مین ہی اگر کوئی دعا کری ساتہہ
اسکی اور بعد اوسکی سوال کری حقتعالی سی تمام حاجتون اپنی کو پس عطا کرتاہی حق تعالی اوسکو
قولہ یعدلون یعنی عدول کرتی ہین عبادت اوسکی سی طرف عبادت اصنام کی اور برابر
کرتی ہین ساتہہ پروردگار اپنی کی بتونکو حاصل کلام یہہ ہی کہ حق تعالی نی اون چیزونکو
کہ سبب معیشت لوگونکا ہی پیدا کیا پس سزاوار یہہ ہی کہ تم اوسپر حمد کرو اور کفران نعمت نکرو
بخلاف کفارونکی کہ وہ برابر کرتی ہین بتونکو ساتہہ پروردگار کی کہ اونکو اپنی ہاتہون سی بنائی
ہین اور مطلقا قادر نہین پیدا کرنی کسی چیز پر قولہ واجل مسمی اسمین چند اقوال ہین
ایک یہہ ہی کہ مراد ان دونو اجل سی اجل حیات ہی موت تک اور اجل موت ہی قیامت
تک یہہ قول حسن اور سعید اور ضحاک اور زجاج وغیرہ سی منقول ہی اور عطا نی بہی ابن
عباس سی روایت کی ہی کہ ابن عباس نی کہ مراد قضی اجلا سی اجل ولادت سی ہی موت تک
اور اجل مسمی سی اجل ممات سی قیامت تک کہ نہین جانتا کوئی وقت اوسکا سوائی حق تعالی کی
کی اس وقتی کہ انسان صالح ہو زیادہ کرتاہی حق تعالی واسطی اوسکی بیچ اجل حیات کی اجل موت سی
قیامت تک یعنی زمانہ مابین موت اور قیامت سی لیکر زمانہ حیات کو زیادہ کرتاہی اور اگر وہ شخص
غیر صالح ہو کم کرتاہی اجل حیات سی اور بڑہا دیتاہی اجل معیشت کو اور کہا ابن عباس نی کہ یہہ
معنی ہین قول باری کی وما یعمر من معمر ولا ینقص من عمرہ الا فی کتاب اور

قول یہ ہی کہ ایک اجل وہ ہی کہ جسمین اہل دنیا زندہ رکہی جاتی ہین تا آنکہ مرنی تک پہنچی اور اجل
مسمی سی مراد اجل آخرت ہی اسواسطی کہ وہ اجل ہمیشہ ہی اور نہین انتہا ہی واسطی اسکی اور
مراد مسمی عندہ سی یہہ ہی کہ وہ لکہی ہوتی ہی لوح محفوظ مین یہہ قول جبائی سی اور سعید بن
جبیر اور مجاہد سی آور تیسرا قول یہہ ہی کہ مراد قضی اجلا سی اجل مخلوقات گذشتہ کی اور اجل
مسمی سی اجل باقیماندہ کان کی ہی یہہ قول ابی مسلم سی منقول ہی آور چوتہا یہہ ہی کہ قضی اجلا
سی مراد اجل خواب ہی کہ جسمین روح مقبوض ہوتی ہی اور بعد اسکی وہ وقت جاگنی کی
آجاتی ہی اور اجل مسمی مراد اجل موت انسان ہی یہہ قول مروی ابن عباس سی ہی اور
تائید کرتا ہی اسکو قول حق تعالی کا ویرسل الاخری الی اجل مسمی اور اصل معنی اجل
وقت کی ہین پس اجل حیات وہ وقت ہی کہ جسمین حیات ہو اور اجل موت یا قتل وہ وقت ہی
کہ جسمین موت یا قتل حادث ہو **تکملہ** جناب والد غفران مآب نی کتاب مواعظ حسنیہ مین
لکہا ہی کہ اکثر احادیث اور اقوال صحابہ سی ظاہر ہوتا ہی کہ اجل دو قسم ہی ایک اجل مسمی
ہی کہ جسمین تقدیم اور تاخیر جائز نہین ہی اور دوسری وہ قسم ہی کہ جسمین تقدیم اور تاخیر ہو سکتی ہی
تفسیر عیاشی مین منقول ہی کہ حمران نی جناب صادق علیہ السلام سی استفسار کیا کہ کیا معنی
ہین قول سبحانہ تعالی کی هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ثُمَّ قَضَى أَجَلًا وَأَجَلٌ مُسَمًّى عِنْدَهُ
حضرت نی ارشاد کیا کہ اجل مسمی وہ اجل مراد ہی کہ جو شب قدر مین حق تعالی ملک الموت کو
خبر دیتا ہی اور معین کرتا ہی اوسکو اور اسی اجل کی طرف اشارہ ہی قول حق تعالی مین
إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ اور اجل دوسری وہ ہی کہ جسمین تقدیم
اور تاخیر ہو سکتی ہی اور مولانا طبرسی نی تفسیر قول حق تعالی مین أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ وَأَطِيعُونِ

أَطِيعُونِ يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى إِنَّ أَجَلَ اللَّهِ إِذَا
جَاءَ لَا يُؤَخَّرُ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ کی حاصل ترجمہ یہہ ہی عبادت کرو خدا کی اور پرہیزگاری کرو
تا حق تعالی گناہان تمہاری درگذری اور تمکو اجل مسمی تک نگاہ رکہی اور تحقیق کہ جس وقت
اجل آتی ہی تاخیر اوسمین واقع نہین ہوتی ہی اسطرح سی لکہا ہی کہ یہہ آیہ دلالت رکہتا ہی
اوس بات پر کہ اجل دو قسم ہی اس جہت سی کہ عبادت اور تقوی کو شرط کر دیا ہی واسطی
زندہ رکہنی کی اجل مسمی تک پس معلوم ہوا کہ اگر یہہ شرط عمل مین نا آوی حق تعالی اوسکو
پہنچنی اجل مسمی تک فرصت نہین دیتا ہی اور قبل اسکی ہلاک کرتا ہی آور بہی جناب صادق
صلوات اللہ علیہ نی تفسیر قول حق تعالی ثُمَّ قَضَى أَجَلًا وَأَجَلٌ مُسَمًّى عِنْدَهُ مین فرمایا ہی
کہ اجل اول وہ ہی کہ ملائک اور انبیا اوس سی خبردار ہوتی ہین اور اجل مسمی وہ ہی کہ
اوسکو حقتعالی مخلوقات سی پوشیدہ کرتا ہی مخفی اور پوشیدہ تر ہی کہ بعضی احادیث سے
مستفاد ہوتا ہی کہ اجل مسمی مین بدا واقع ہوتا ہی اور اجل محتوم در حقیقت وہ ہی کہ قابلیت
بدا کی نہین رکہتی ہی اور اس حدیث سی معلوم ہوا کہ کلام آئمہ مین کبہی اجل مسمی مقابل اجل
محتوم مین مستعمل ہوتی ہی یعنی غیر محتوم اور کبہی بمعنی محتوم کی مستعمل ہوتی ہی اور اطلاق
دونو اجل کا ساتہہ مسمی کی اس اعتبار سی ہی کہ اجل محتوم شب قدر مین نزدیک ملک
الموت کی معین کی جاتی ہی اور نام رکہی جاتی ہی اور غیر محتوم باعتبار اسکی ہی کہ انبیا
اور ملائکہ اوس سی مطلع ہوتی ہین اور نام اوسکا جانتی ہین کتاب توحید مین ابی حیان
تیمی سی مروی ہی کہ مین رکاب سعادت امیر المومنین صلوات اللہ علیہ مین بیچ جنگ صفین
کی حاضر تہا اور وہ حضرت ایک روز آگی لشکر اپنی کی کہڑی تہی کہ معاویہ ملعون

اُسکی لشکر اپنی کی مقابل حضرت کی اسپ پر سوار نکل کر کھڑا ہوا اور گھوڑا اوسکا جلدی اور
تندی کرتا تہا اور جناب علی صلوات اللہ علیہ اسپ رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ پر سوار تہی
ادہر حربہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ کا دست مبارک مین تہا اور زرہ بر تن تہی اور ذوالفقار کو
حمائل کی تہی پس ایک شخص نی اصحاب اون حضرت سی عرض کی کہ یا امیر المومنین خبردار
رہو کہ مبادا یہہ ملعون آپسی مکر کری اور کوئی آسیب آپکو پہنچائی حضرت نی فرمایا کہ فی الواقع
دیانت اور امانت اوسکی پر اعتماد نہین ہی اور یہہ شقی ترین فاسقون کا ہی اور ملعون ترین
خوارج کا کہ امام زمانہ پر خروج کیا ہی لیکن اسقدر معلوم کیا چاہئی کہ اجل حافظ ہر شخص کی ہی
یعنی جب تک وعدہ مرگ نہ پہنچی انسان ہلاک نہین ہوتا ہی اور کوئی متنفس نہین ہی مگر یہہ
کہ ملائکہ اوسکی حفاظت کرتی ہین کہ مبادا اکنوئین مین گری یا دیوار اوسپر نہ گری یا اور بدی
اوسکو نہ پہنچی اور جسوقت کہ اجل اوسکی پہنچتی ہی ملائکہ نگاہبانی اوسکی ترک کرتی ہین پس
اسیطرح سی ہر گاہ اجل میری پہنچی کی شقی ترین خوارج پیدا ہوگا اور خون سر میرے سی محاسن
میریکو خضاب کریگا اور یہہ اسیطرح سی مقرر ہوا ہی کہ تخلف اوسمین ممکن نہین ہی پوشیدہ
نہی کہ اس مقام مین اعتراض وارد ہوتا ہی کہ شہادت جناب امیر کی کہ جو ضربت ابن
ملجم سی حاصل ہوئی از قبیل اجل حتمی تہی یا از قبیل اجل غیر حتمی اگر اجل حتمی تہی تو چاہئی ابن ملجم پر قصاص واقع
نہو سو اسطی کہ اگر وہ قتل نکرتا تاہم وہ حضرت وفات پاتی اور اگر غیر حتمی ہی پس اول
آنحضرت کا فرمانا کہ اجل ہر ایک کی نگہبان اوسکی ہوتی ہی اور عدم امکان ہلاکت نہی کو
متفرع کرنا قبل از ضربت ابن ملجم کی کچہہ معقول نہین رکہتا ہی سواسطی کہ قبل از ضربت ابن ملجم کی اجل حتمی تہا اجل
آنحضرت کو آدمی پس محافظت نفس کی اوسوقت مین آچہ ہوگی پس اظہر نزدیک میری خوا

جواب اسکا یہہ ہی کہ ہلاکت ہر ذیحیات کی بسبب قتل اور امثال اسکی اتفاق ہو جاتی ہی از قبیل
اجل غیر حتمی ہو باعتبار اس معنی کی کہ اگر قتل واقع نہوتا تو مقتول زندہ رہتا اور اسی واسطی
مستاصل قاتل سی واجب ہوتا ہی لیکن اس مین شبہہ نہین کہ ہر گاہ حق تعالی کسیکو خبر دی کہ
تو اجل غیر حتمی سی ہلاک ہوگا پس تخلف اس مین بہی ممکن نہوگا پس اسصورت مین جنابت کا
حق ہوگا اور یہہ اشکال وارد نہوگا انتہی کلامہ اعلی اللہ فی فرادیس الجنان مقامہ قولہ تعالی
مَکَّنّٰاھُمۡ فِی الۡاَرۡضِ معنی اسکی یہہ ہین کہ گروہ انامہی اونکو سلاطین اور اغنیا حاصل آنکی
کہ ہر گاہ ایسی ایسی سلاطین اور اغنیا کو کہ تم سی قوت مین اور حشمت مین بمراتب بیشتر یاد
تہی اور اونکو ہمنی ہلاک کیا پس چاہئی کہ تم خوف کرو قولہ تعالی قَرۡنًا معنی قرن کی لغت مین یہہ ہین
کہ مردمان اوس عصر کو کہتی ہین اور یہہ مشتق ہی اِقۡتِرَانُهُمۡ فِی الۡعَصۡرِ سی زجاج نی کہا ہی
کہ قرن اسی برس ہی اور بعضون نی کہا ہی ستر برس اور نزدیک صاحب مجمع البیان کی مراد
قرن سی اہل اوس مدت کی ہین کہ جسمین نبی ہو یا جس طبقہ مین کہ اہل علم ہون کم گذری ہون
سال یا بہت اور دلیل اسپر قول نبی صلی اللہ علیہ و آلہ کا ہی خَیۡرُکُمۡ قَرۡنِیۡ ثُمَّ الَّذِیۡنَ
یَلُوۡنَهُمۡ ثُمَّ الَّذِیۡنَ یَلُوۡنَهُمۡ بہتر تم مین زمانہ میرا ہی بعد اسکی زمانہ اون لوگون کا
کہ متصل اس سی ہین اور بعد اسکی زمانہ اون کا کہ متصل ان سی ہین قولہ تعالی اٰخَرِیۡنَ وَلَوۡ نَزَّلۡنَا
یعنی حق تعالی جسطرح سی کہ قادر تہا اسپر کہ ہلاک کری گروہ سابقہ کو مثل عاد اور ثمود کی
اور پیدا کئی عوض انکی اور قوم اسیطرح سی قادر ہی کہ مثل انکی تمہاری حق مین بہی بجا لائی
پس خواب غفلت سی بیدار ہو اسواسطی کہ اس نوع سی خلاصی ہو مروی ہی کہ نضر بن حارث
اور امثال اوسکی نزدیک رسول کی آئی اور کہا اونہون نی کہ ای محمد ہم تمہاری ساتہہ ایمان

واذا سمعوا

نہ لاویں گے جب تک کہ پار فرشتہ نامہ لیکر ساتھ اس کے نازل ہوں اور کہا ہیں کہ یہ کتاب بھی

واسطے تمہارے نازل ہوتی ہے اوسوقت حق تعالی نے اس کو نازل کیا ولو نزلنا علیک الکتاب

وللبسنا علیہم یعنی ہر آینہ ملتبس کریں گے اوپر اونکی اور مشتبہ کریں گے ساتھ جس کی کرتے

وے شبہ کرتے ہیں حاصل کلام یہ ہے کہ مصلحت ہی آج ... ہیں کہ یہ آدمی ہے فرشتہ نہیں

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ○

کہہ تو اے محمد سیر کرو بیچ زمین کے بعد اسکے بنظر عبرت دیکھو کس طرح ہوئی عاقبت تکذیب کرنے والوں کی

قُلْ لِمَنْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ قُلْ لِلّٰهِ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ

کہہ تو اے محمد کس کے واسطے ہے جو چیز کہ بیچ آسمانوں اور زمین کے ہے کہہ تو اے محمد واسطے خدا کے ہے لازم کیا اوپر نفس اپنے کے رحمت

لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ

ہر آینہ جمع کریگا تمکو تا روز قیامت کے نہیں شک ہے بیچ اوسکے وہ لوگ کہ زیان کیا حق نفسوں اپنی کے

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○ وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ

پس وہ نہ ایمان لاوینگے اور واسطے اوسی کے ہے وہ چیز کہ آرام کرتی ہے بیچ رات کے اور دن کے اور وہ سننے والا

الْعَلِيمُ ○ قُلْ أَغَيْرَ اللّٰهِ أَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَ

دانا ہے کہہ تو اے محمد آیا سوائے خدا کے لوں میں دوست اپنا خدا کہ پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمین کا ہے اور

هُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ وَلَا

کھلاتا ہے اور نہیں روزی دیا جاتا وہ خدا کہہ تو اے محمد کہ میں حکم کیا گیا ہوں یہ کہ ہوں پہلا اس شخص کا کہ اسلام لایا اور

تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ○ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ

ہو تو مشرکوں سے کہہ تو اے محمد بدرستی کہ میں ڈرتا ہوں اگر نافرمانی کروں رب اپنے کی

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ○ مَنْ يُصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهُ

عذاب روز قیامت سے جس شخص سے کہ پھیرا جاوے عذاب اوس دن پس تحقیق رحم کیا خدا نے اوس پر

وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ○ وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ

اور یہ مراد ملنا ظاہر ہے اور اگر پہنچاوے تجکو اللہ کوئی سختی پس نہیں ہے کوئی دور کرنے والا

لَهُ إِلَّا هُوَ وَإِنْ يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ وَهُوَ الْقَاهِرُ

واسطے اوسکے مگر وہی خدا اور اگر پہنچاوے تجکو نیکی پس وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے اور وہ غالب

فَوْقَ عِبَادِهِ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ○ قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً ط

اوپر بندوں اپنے کے اور وہ حکمت والا خبردار ہے کہہ تو اے محمد کون چیز بزرگتر ہے از روئے گواہی کے

قُلِ اللّٰهُ شَهِيدٌ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَأُوحِيَ إِلَيَّ هٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ

کہہ تو کہ خدا گواہ ہے درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے اور وحی کیا گیا طرف میری یہ قرآن تو کہ ڈراؤں تمکو ساتھ اوسکے

وَمَنْ بَلَغَ أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللّٰهِ آلِهَةً أُخْرٰى قُلْ لَا أَشْهَدُ

اور جس شخص کو پہنچے یہ قرآن آیا تم گواہی دیتے ہو تم کہ ساتھ خدا کے خدا اور دوسرے ہیں کہہ تو میں گواہی نہیں دیتا

قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ ○ الَّذِينَ آتَيْنٰهُمُ

کہہ تو کہ نہیں ہے مگر خدا ایک ہی واحد اور بدرستیکہ میں بیزار ہوں اوس چیز سے کہ شریک لاتے ہو تم وہ لوگ کہ دیا ہمنے انکو

الْكِتٰبَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمُ الَّذِينَ خَسِرُوا

کتاب پہچانتے ہیں اوسکو جسطرح کہ پہچانتے ہیں فرزندوں اپنی کو وہ لوگ کہ زیانکار ہوتے

ع

أَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○

بیچ نفسوں اپنی کے پس وہ نہ ایمان لاویں گے

قولہ علی نفسہ الرحمۃ یعنی انعام کیا ہدایت کو ہمارے کہ قائم کئی اولہ و حجج اور ہدایت
اپنی کی اور نازل کیا کئی کتابوں کو اور ازجملہ رحمت قبول توبہ ہی اور عفو معصیت ہے
دو کعب الاحبار ہی روایت ہی کہ اول حق تعالی نی زبر جد اور یاقوت او رموتی پر پیدا کیا
قلم اور مداد کی کہا یہ تہا کہ لا الہ الا انا سبقت رحمتی غضبی قولہ ولہ ما سکن
خبر میں وارد ہی کہ ایک جماعت نی کفار قریش ہی کہا اے محمد ہمکو معلوم ہوا کہ حاجت اور مشقت
نی تجھی اس کلام پر برانگیختہ کیا ہی کہ دین ایک اپنی طرف ہی وضع کر کی ہمکو اوسکی طرف بلاتی
ہم تیری واسطی چندا کر کی او ستقدر مال مہیا کرین کہ تو تمام اپنی خویشوں تونگر ہو جاتی تو شاید
اس دین سی دست بردار ہو تو لہذا حق تعالی نی اوسوقت رد اوسکی میں یہ آیہ نازل کیا
قولہ فی اللیل والنہار اور وجہ ذکر کرنی سموات اور ارض کی ماقبل میں اور ذکر کرنے
لیل و نہار کا مابعد میں یہہ ہی کہ آسمان اور زمین ظرف مکان ہی اور لیل و نہار ظرف زمان
پس یہہ دو دو نو ظرف تہری واسطی ہر چیز کی حاصل اسکا یہہ ہی کہ خدا سب چیز کا مالک ہی اور
سب چیز دست قدرت اوسکی میں ہی قولہ ولا یطعم مراد اس سی یہہ ہی کہ وہ روزی دینے
والا خلق کا ہی اور اوسکا کوئی رازق نہیں ہی قولہ علی کل شیء قدیر ابن عباس سی مروی
ہی کہ ایک شخص نی واسطی حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ کی برسم تحفہ ایک اشتر بہیجا تہا ایک روز
وہ حضرت اوسپر سوار تہی اور مجکو بہی اپنی سوار کیا تہا کہ اثنای راہ میں طرف میری
نگاہ کی اور ارشاد کیا کہ ای ابن عباس حدود خدا کو نگاہ رکہہ تا ثواب اوسکا پاوی تو
اور وقت راحت میں خدا سی شناسائی کر تا وقت سختی میں وہ خدا تجہسی شناسائی کری اور اگر
کوئی چیز چاہی تو خدا سی طلب کر اور اعانت اوسکی کی خواہش کر اسواسطی کہ علم تقدیر سابق

ساتہہ اوس چیز کی کہ ہونی والی ہی جاری ہوا ہی اور اگر تمام خلائق کوشش کرین واسطی
تیری کہ کوئی چیز خیر و شر سی تجکو پہنچاوین اور خدا نی واسطی تیری مقدر نکیا ہو تو نہین پہنچا
سکتی مین اور اگر ہو سکی تو بصبر و یقین کار اپنی کر بجالا اور جان تو کہ نصرت ساتہہ صبر کی
اور نادیدگی نقص خالص نہو عجلت کرنا او ہمین پشیمانی ہی دوسرو ساتہہ اندوہ کی ہی اور آسانی ساتہہ سختی کی
ہی اور تو کر ہی ساتہہ درویشی کی قولہ ای شیء اکبر منقول ہی جماعت یہود نی کہا کہ ای محمد صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نہین دیکہتی میں کہ تیری تصدیق کری اور طائفہ یہود اور نصاری سی پوچہا
حتی کہ صفت اس مرد کی کسی کتاب میں تمنی دیکہی ہی او نہون نی انکار کیا اب کیسکو لا
کہ تیری رسالت اور حقیت کتاب پر گواہی دی لہذا اللہ تعالی نی اوسکی رد میں یہہ آیہ
نازل کیا قولہ یعرفونہ کما یعرفون ابو حمزہ ثمالی نی روایت کی کہ عمر کا خطاب سات ورید مین آئے
عمر عبد اللہ سلام سی پوچہا کہ معرفت تمہاری پیغمبر خدا سی کہ حق تعالی خبر دیتا ہی کہ مثل معرفت ہمارا
بیٹا فرزندان اپنی کی کیا معنی ہیں کہا اوس نی ہم پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو یقین جانتے ہیں اور یہہ یقین زیادہ ہی
کیونکہ بسبب فرزند اپنی کا کہتی ہیں ہم ہیں اسکو خود سی جانتا ہی کہ یہہ کلام خدا کا ہی اور عورتون نی کیا کیا کرتی دیکہا
ومن اظلم ممن افتری علی اللہ کذبا او کذب بآیاتہ انہ لا یفلح
اور کون شخص ظالم تر ہی اوس شخص سی کہ باندہی اوپر خدا کی دروغ کو یا تکذیب کری آیتون اوسکی کو تحقیق نہین فلاح پاتی
الظالمون ○ ویوم نحشرہم جمیعا ثم نقول للذین اشرکوا این
ظالمون کو اور یاد کرو اوس دن کو کہ جمع کرینگی ہم ان سبکو بعد اوسکی کہین گی ہم واسطی اونکی کہ شرک کی میں کہا ہیں
شرکاؤکم الذین کنتم تزعمون ○ ثم لم تکن فتنتہم الا ان قالوا
وہ جنکو تم شریک خدا کرتی تہی گمان کرتی تہی تم کہ کہا کرینگی وہ شرک باتیں بعد اوسکی کہ نہوگی معذرت اونکی مگر یہہ کہ کہین

والله ربنا ما كنا مشركين ۝ انظر كيف كذبوا على انفسهم و
قسم اللہ کی کہ رب ہمارا ہے نہیں تھے ہم شرک کرنے والے دیکھ تو کس طرح جھوٹ کہتے ہیں اوپر نفسوں اپنے کے اور
ضل عنهم ما كانوا يفترون ۝ ومنهم من يستمع اليك
گم ہو گئی ان سے جو کچھ تھے وہ افترا کرتے اور بعضے ان میں سے وہ شخص ہے کہ کان رکھتا ہے طرف تیرے
وجعلنا على قلوبهم اكنة ان يفقهوه وفي اذانهم وقرا و
اور کر دئے ہم نے اوپر دلوں ان کے پردے یہ کہ سمجھیں اس کو اور کانوں بیچ ان کے گرانی کو اور
ان يروا كل اية لا يؤمنوا بها حتى اذا جاءوك يجادلونك
اگر دیکھیں وہ ہر معجزے کو نہیں ایمان لاتے ساتھ اس کے یہاں تک کہ جب آتے ہیں تیرے پاس جھگڑا کرتے ہیں تجھ سے وہ
يقول الذين كفروا ان هذا الا اساطير الاولين ۝ وهم
کہتے ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے نہیں ہے یہ قرآن مگر کہانیاں اگلوں کی ۔ اور وہ کفار
ينهون عنه وينأون عنه وان يهلكون الا انفسهم
باز رکھتے ہیں لوگوں کو اس سے اور دور ہوتے ہیں اس سے اور نہیں ہلاک کرتے ہیں مگر نفسوں اپنے کو
وما يشعرون ۝ ولو ترى اذ وقفوا على النار فقالوا يا ليتنا
اور حالانکہ نہیں جانتے ہیں اور اگر دیکھے تو محمد وقتیکہ کھڑے کئے جاویں گے اوپر آتش دوزخ کی پس کہیں گے وہ کاش کہ ہم
نرد ولا نكذب بايات ربنا ونكون من المؤمنين ۝ بل
پھیرے جاتے اور نہ تکذیب کرتے ہم آیات رب اپنے کو اور ہوتے ہم مومنوں سے ۔ بلکہ
بدا لهم ما كانوا يخفون من قبل ولو ردوا لعادوا لما نهوا
ظاہر ہوگی واسطے ان کے وہ چیز کہ تھے وہ پوشیدہ کرتے آگے سے اور اگر پھیرے جاویں البتہ پھر رجوع کریں واسطے اس چیز کے کہ منع کئے گئے

نهوا عنه وانهم لكاذبون ۝ وقالوا ان هي الا حياتنا
کہ منع کئے گئے تھے اس سے اور تحقیق وہ البتہ جھوٹ بولتے ہیں اور کہا انہوں نے نہیں ہے یہ مگر زندگانی ہماری
الدنيا وما نحن بمبعوثين ۝ ولو ترى اذ وقفوا على ربهم
اور نہیں ہیں ہم بر انگیختہ ہونے والے اور اگر دیکھے تو اے محمد وقتیکہ کھڑے کئے جاویں گے اوپر حکم رب اپنے کی
قال اليس هذا بالحق قالوا بلى وربنا قال فذوقوا العذاب
کہے گا کیا نہیں ہے یہ حق کہیں گے ہاں قسم ہے پروردگار ہمارے کی کہا خدا نے پس چکھو تم عذاب کو
ع بما كنتم تكفرون ۝ قد خسر الذين كذبوا بلقاء الله حتى
ساتھ اس کے کہ تھے تم انکار کرتے تحقیق زیاں کار ہوئے وہ لوگ کہ تکذیب کی انہوں نے ساتھ ملاقات خدا کی یہاں تک کہ
اذا جاءتهم الساعة بغتة قالوا يا حسرتنا على ما فرطنا
وقتیکہ آوے ان کو قیامت ناگہاں کہیں گے اے پشیمانی ہماری اوپر اس چیز کی کہ تقصیر کی ہم نے
فيها وهم يحملون اوزارهم على ظهورهم الا ساء ما يزرون
بیچ حیات دنیا کی اور وہ کفار اٹھاتے ہیں بوجھ اپنے اوپر پشتوں اپنی کے آگاہ ہو بری چیز ہے کہ اٹھاتے ہیں
وما الحيوة الدنيا الا لعب ولهو وللدار الاخرة خير للذين
اور نہیں ہے زندگانی دنیا کی مگر بازی اور شغل اور البتہ گھر آخرت کا بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے کہ
يتقون افلا تعقلون ۝ قد نعلم انه ليحزنك الذي يقولون
پرہیزگاری کرتے ہیں کیا پس نہیں جانتے ہیں تحقیق جانتے ہیں ہم تحقیق شان یہ ہے کہ البتہ غمناک کرتا ہے تجھ کو وہ چیز کہ کہتے ہیں
فانهم لا يكذبونك ولكن الظالمين بايات الله يجحدون
پس تحقیق وہ نہیں تکذیب کرتے تیری اور لیکن ستمگار ساتھ آیات خدا کے انکار کرتے ہیں

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ فَصَبَرُوا عَلَىٰ مَا كُذِّبُوا وَأُوذُوا
اور البتہ تحقیق کہ تکذیب کی گئی رسولاں آگی تیری سے پس صبر کیا اونہوں نے اوپر جس کے تکذیب کئی گئی اور ایذا دی گئی
حَتَّىٰ أَتَاهُمْ نَصْرُنَا وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ وَلَقَدْ جَاءَكَ
تا اینکہ آئی اونکو مدد ہماری اور نہیں تغیر دینی والا ہی کوئی وعدہ ہای خدا کی اور البتہ تحقیق کہ آیا تجکو
مِن نَّبَإِ الْمُرْسَلِينَ ○ وَإِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ
بعضی خبرہای رسولوں سی اور اگرچہ ہی شاق اور عظیم اوپر تیری منہ پھیرنا اونکا
فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَن تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْأَرْضِ أَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَاءِ
پس اگر طاقت رکھتا ہی تو یہہ کہ طلب کری تو جائی ڈہونڈنی کو بیچ زمین کی یا زینہ بیچ آسمان کی
فَتَأْتِيَهُم بِآيَةٍ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَىٰ فَلَا تَكُونَنَّ
پس لاوی تو اونکو کوئی نشانی پس کر تو بسط حسی اور اگر چاہتا خدا البتہ جمع کرتا اونکو اوپر ہدایت کی پس نہ ہو تو
مِنَ الْجَاهِلِينَ ○ إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ وَالْمَوْتَىٰ
نادانوں سے ○ نہیں ہی مگر یہہ کہ قبول کرتی ہیں دعوت تیری کو وہ لوگ کہ سنتی ہیں اور مردوں کو
يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ○ وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ
اوٹہاویگا خدا قبروں سی پھر طرف اوسکی جزا کی رجوع کئی جاوینگی اور کہا اونہوں نی کہ کیوں نہ نازل کیا اوپر اوسکی
آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَن يُنَزِّلَ آيَةً وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ
معجزہ رب اوسکی سی کہہ تو اے محمد تحقیق کہ خدا قادر ہی اوپر اسبات کی کہ نازل کری معجزہ کو اور لیکن اکثر اونکی
لَا يَعْلَمُونَ ○ وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ
نہیں جانتی ہیں اور نہیں ہی کوئی چلنی والا بیچ زمین کی اور نہ کوئی پرندہ کہ اوڑتا ہے ساتھ دو بازو کی

نصف

إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُم مَّا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِن شَيْءٍ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ
مگر یہہ کہ گروہ ہیں مانند تمہاری نہیں ترک کیا ہمنی بیچ کتاب کی کسی چیز کو بعد اوسکی طرف رب اپنی کی
يُحْشَرُونَ ○ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمَاتِ
اوٹہائی جاوینگی اور وہ لوگ کہ تکذیب کی اونہوں نی آیات ہماری کو بہری ہیں اور گونگی ہیں بیچ تاریکیہا
مَن يَشَإِ اللَّهُ يُضْلِلْهُ وَمَن يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ
جس شخص کو چاہتا ہی گمراہ کرتا ہی اوسکو اور جس شخص کو چاہتا ہی کردیتا ہی اوپر راہ مستقیم
قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللَّهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ أَغَيْرَ اللَّهِ
کہہ تو دیکھا تمنی اگر آوی تمکو عذاب خدا کا یا آوی تمکو قیامت آیا سوای خدا
تَدْعُونَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ○ بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ
بلاؤگی تم اگر ہو تم راست کو بلکہ اوسی خدا برحق کو بلاؤگی تم پس دور کریگا
مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِن شَاءَ وَتَنسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ ○
اوس چیز کو کہ بلاتی ہو طرف اوسکی اگر چاہی اور بہول جاؤ تم اوس چیز کو کہ شریک کیا تہا

قوله لا يكذبونك اسکی معنو میں چند اقوال ہیں ایک یہہ ہی کہ معنی اسکی یہہ ہیں کہ نہیں تکذیب
کرتی وہ تیری از روی اعتقاد قلبی کی اگرچہ وہ اظہار تکذیب تیری کا کرتی ہیں از روی عناد
کی بزبان یہہ قول اکثر مفسروں کا ہی اور غیر مفسروں نی کہا ہی کہ جانتی تہی کہ تو رسول برحق
ہی لاکن انکار کرتی تہی بعد معرفت کی اور دوسرا یہہ ہی کہ معنی اسکی یہہ ہیں کہ تکذیب کرتی
وہ تیری ساتہہ حجت اور برہان کی اور تیسرا یہہ ہی کہ تیری تکذیب نہیں کر سکتی ہیں کہ تو
بندہ ہمارا مصدق ہی بلکہ تکذیب آیات خدا کی کرتی ہیں اور اس قول کی تائید کرتا ہی قول حق

تعالی کا ولکنّ الظّالمین بآیات الله یجحدون اور قول حقتعالی کا فوکّلنا
بہا قوما اور چوتہا قول یہہ ہی کہ نہین تکذیب کرتی وہ تیری بلکہ تکذیب وہ کرتی
مین میری سو یہلی تکذیب تیری رجوع کرتی ہی طرف میری اس جہت سی کہ تو رسول
ہی پس جس شخص نی کہ تجہکو رد کیا گویا مجہکو رد کیا اون نی اور جس شخص نی تیری تکذیب
پس میری تکذیب کی اور پانچوین معنی یہہ ہین کہ نہین تکذیب کرتی وہ تیری از روی
صدق کی یعنی نسبت کرنی تکذیب مین ہم جہوٹی ہین قولہ ولو شاء الله یعنی اگر
خدا چاہتا اونکو توجمع کرتا اون کو اوپر ہدایت کی ساتہہ الجاء کے اور اضطرار کی اور اگر
معنی مراد نہون پس منافات لازم آتی ہی اس قول مین کہ ان الله لا یرضی
لعباده الکفر قولہ یستجیبون پس کیونکہ حق تعالی نی سامعین حق کو زندہ ٹہرایا ہی اور
جو لوگ نہین سنتی مین بمنزلہ میت کی گردانا ہی پس حاصل معنی یہہ ہوتی کہ نہین اجابت
کرتا ہے مگر مومن کہ سننی والا حق کا ہی اور لیکن کافر پس نہین اجابت
کرتا ہی اور وہ بمنزلہ میت کی ہی مگر یہہ کہ اوٹہائی اوسکو قیامت کی دن پس
ملجا ہو گا اوسوقت طرف ایمان کی اور بعضون نی معنی اسکی اسطرح سی کہی مین کہ اجابت
کرتا ہی وہ شخص کہ جسکا قلب زندہ ہی اور جس شخص کا قلب میت ہی پس وہ نہین اجابت
کرتا قولہ الّا امم امثالکم الآیہ یعنی چند صفت ہین کہ پہچانی جاتی ہین ساتہہ سب اپنی کی
کہ مشابہ تمہاری ہین بیچ خلق کی اور موت کی اور مبعوث ہونی مین اور محتاج ہونی مین طرف

ولقد ارسلنا الی امم من قبلک فاخذناهم بالبأساء والضرّاء
اور ہم البتہ بہیج چکی ہین رسولونکو طرف امتون کی آگی تیری سے پس لیا ہمنی اونکو ساتہہ سختی کی اور تکلیف کی

والضرّاء لعلّهم یتضرّعون ○ فلولا اذ جاءهم بأسنا تضرّعوا
اور آفت کی شاید کہ وہ زاری کرین پس کیون نہ عاجزی کی جب آیا اونکو عذاب ہمارا زاری کی اور عاجزی
ولکن قست قلوبهم وزیّن لهم الشیطان ما کانوا یعملون ○
اور لیکن سخت ہو گئی ہین دل اونکی اور زینت دی واسطی اونکی شیطان نی اوس چیز کو کہ وہ عمل کرتی ہی
فلمّا نسوا ما ذکّروا به فتحنا علیهم ابواب کلّ شیء حتّی اذا
پس جب کہ فراموش کیا کافرون نی اوس چیز کو کہ پند دی گئی تہی ساتہہ اوسکی کہولدئی ہمنی اوپر اونکی دروازہ ہر چیز کا یہانتک کہ جب
فرحوا بما اوتوا اخذناهم بغتة فاذا هم مبلسون ○ فقطع
خوش ہوئی وہ ساتہہ اوس چیز کی کہ دی گئی وہ لیا ہمنی اونکو ناگہان پس ناگہان وہ حسرت کرنی والی ہوئی پس قطع کیا
دابر القوم الذین ظلموا والحمد لله ربّ العالمین ○ قل ارءیتم
جڑ قوم کی ایسی قوم کہ ظلم کیا اوپر نفسون اپنی کی اور تمام شکر ثابت ہی واسطی الله کی … کہہ تو محمد کیا دیکہا
ان اخذ الله سمعکم وابصارکم وختم علی قلوبکم من اله
اگر لی خدا کان تمہاری کو اور بینائی تمہاری کو اور مہر کری اوپر دلون تمہاری کی کون خدا ہی
غیر الله یأتیکم به انظر کیف نصرّف الآیات ثمّ هم یصدفون
سوائی برحق کی کہ دیوی تمکو شنوائی وغیرہ سی دیکہہ تو ای محمد کس طرح سی پہیر دیتی ہین ہم آیتون کو پہر وہ اعراض کرتی ہین
قل ارءیتکم ان اتاکم عذاب الله بغتة او جهرة هل یهلک
کہہ تو ای محمد کیا دیکہتی ہو تم اگر آوی تمکو عذاب خدا کا یکایک یا آشکارا کہ علامات ظاہر ہون نہ ہلاک کی جاوینگی
الّا القوم الظّالمون ○ وما نرسل المرسلین الّا مبشّرین
مگر قوم ستمکاران اور نہین بہیجتی ہمنی پیغمبرون کو مگر خوشخبری دینی والی

ومنذرين فمن آمن واصلح فلا خوف عليهم ولا هم يحزنون ○

درحالیکہ ڈرانے والے ہیں پس جو شخص کہ ایمان لایا اور اصلاح حال اپنا کیا پس نہیں خوف ہی اونپر اور نہ وہ غمگین ہونگی

والذين كذبوا بآياتنا يمسهم العذاب بما كانوا يفسقون ○ قل لا

اور وہ لوگ کہ تکذیب کی جنہوں نے آیات ہماری کو پہنچیگا اونکو عذاب بسبب اسکے کہ تھے نافرمانی کرتے کہہ نہیں

اقول لكم عندي خزائن الله ولا اعلم الغيب ولا اقول لكم اني ملك

کہتا میں واسطے تمہارے نزدیک میرے ہیں خزانے خدا کے اور نہیں جانتا ہوں میں غیب کو اور نہیں کہتا میں واسطے تمہارے کہ تحقیق میں فرشتہ ہوں

ان اتبع الا ما يوحى الي قل هل يستوي الاعمى والبصير افلا

نہیں پیروی کرتا ہوں میں مگر اوس چیز کی کہ وحی کی جاتی طرف میری کہہ کیا برابر ہی نابینا اور بینا پس آیا نہیں

ع

تتفكرون ○ وانذر به الذين يخافون ان يحشروا الى ربهم ليس

فکر کرتے ہو تم اور ڈرا ساتھ اوسکے ان لوگوں کو کہ ڈرتے ہیں کہ جمع کئے جاوینگے طرف رب اپنے کے نہیں

لهم من دونه ولي ولا شفيع لعلهم يتقون ○ ولا تطرد الذين

واسطے اونکے سوائی خدا کی کوئی دوست اور نہ شفاعت کرنے والا شاید کہ وہ پرہیز کریں اور نہ دور کر ان لوگوں کو کہ

يدعون ربهم بالغداة والعشي يريدون وجهه ما عليك

یاد کرتے ہیں رب اپنے کو صبح کو اور شام کو ارادہ کرتے ہیں وہ رضا اوسکی کو نہیں اوپر تیرے

من حسابهم من شيء وما من حسابك عليهم من شيء فتطرد

حساب اونکے سی کوئی چیز اور نہیں ہے حساب تیرے سی اوپر اونکی کوئی چیز کہ دور کرے تو

هم فتكون من الظالمين ○ وكذلك فتنا بعضهم ببعض ليقولوا

اونکو پس ہوگا تو ظالموں سے اور اسیطرح سے آزمایش میں ڈالا ہمنے بعضی اونکی کو ساتھ بعضی کے تاکہ کہیں وی

ليقولوا اهؤلاء من الله عليهم من بيننا اليس الله باعلم بالشاكرين ○

کیا یہی وہ لوگ ہیں کہ احسان کیا خدا نے اوپر اونکے درمیان ہمارے سے کیا نہیں ہے خدا خوب جاننے والا ساتھ شاکروں کی

واذا جاءك الذين يؤمنون بآياتنا فقل سلام عليكم كتب

اور جسوقت کہ آویں تجکو وہ لوگ کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ آیات ہماری کی پس کہہ تو سلام ہو اوپر تمہارے لازم کیا

ربكم على نفسه الرحمة انه من عمل منكم سوءا بجهالة ثم تاب من

رب تمہارے نے اوپر ذات اپنی کی رحمت کو تحقیق شان یہ ہے کہ جو شخص کہ عمل کرے تم میں سے برائی ساتھ نادانی کی پھر توبہ کرے بعد

بعده واصلح فانه غفور رحيم ○ وكذلك نفصل الآيات و

اوسکے اور اصلاح حال اپنا کیا پس تحقیق وہ بخشنے والا مہربان ہے اور اسیطرح سے تفصیل بیان کرتے ہیں ہم آیتوں کو

ع

لتستبين سبيل المجرمين ○

تاکہ روشن ہو راہ گنہگاروں کی باطن سی

قوله باعلم بالشاكرين ابو سعید خدری روایت کی ہی کہ ایک جماعت ضعفائی مہاجرین میں سی بیٹھے تھے بعضے کپڑی پہنی ہوتی تھی اور بعضی ننگی تہی کہ ایک قاری قرآن پڑھتا تھا اور بعضی سنتی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نزدیک اونکی آئی اور سلام علیک کی اور فرمایا حضرت نے کس امر میں مشغول ہو عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ایک ہمسی قرآن پڑھتا ہی اور ہم سنتی ہیں حضرت نے فرمایا کہ الحمد للہ کہ امت میں میری سی ایک جماعت ظاہر ہوئی کہ حق تعالی نے مجکو امر کیا ہے کہ انکی ساتھ بیٹھوں پس درمیان اونکے بیٹھے اور زانو اپنے کو انکی زانو سی ملایا اور بعد فرمایا کہ حلقہ کرو پس حلقہ کیا پس ہمکو کہا اور فرمایا کہ بشارت ہو تمکو ای فقرائی مہاجرین کہ روز قیامت کی تونگروں سی بقدر پانسو برس کی بہشت میں جاوینگی

قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ قُلْ لَا أَتَّبِعُ

کہ تو محمد پرستش کرنی منع کیا گیا ہی مجکو پرستش کرو نمین اون لوگون کی کہ عبادت کرتی ہو تم سوا خدا کی کہ تو مجکو نہین پیروی کرتا

أَهْوَاءَكُمْ قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ ○ قُلْ إِنِّي عَلَىٰ بَيِّنَةٍ

آرزو تمہاری کو تحقیق گمراہ ہوا مین اسوقت نہین ہون مین راہ پانی والون سی کہہ تو محمد برابر تحقیق مین اوپر حجت کی ہون

مِنْ رَبِّي وَكَذَّبْتُمْ بِهِ مَا عِنْدِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهِ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا

جانب رب اپنی سی اور تکذیب کی تمنی ساتھ اوسکی وہ چیز نزدیک ہمارے نہین ہی کہ جلدی کرو تم ساتھ اوسکی نہین ہی حکم

لِلَّهِ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِينَ ○ قُلْ لَوْ أَنَّ عِنْدِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ

واسطی خدا کی بیان کرتا ہی حق کو اور وہ بہتر جدا کرنیوالا ہی حق باطل کا کہہ تو محمد اگر ہووی نزدیک میری جو چیز کہ جلدی چاہتی ہو

بِهِ لَقُضِيَ الْأَمْرُ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِالظَّالِمِينَ ○ وَعِنْدَهُ

ساتھ اوسکی البتہ تمام کیا جاتا حکم درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے اور خدا بہت جانتا ہی ستمگارون کو اور نزدیک اوسکے

مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ

خزانی غیب کے ہین نہین جانتا اونکو کوئی مگر وہی اور جانتا ہی اوس چیز کو کہ بیچ خشکی کے ہی اور دریا کی اور نہین گرتی ہی

مِنْ وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَ

کوئی پتہ کوئی مگر یہہ کہ جانتا ہی خدا اوسکو اور نہ کوئی دانہ بیچ اندھیری زمین کی اور نہ بیچ تر ہی اور

لَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ○ وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُمْ بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ

نہ بیچ خشکی کی مگر یہہ کہ ہی بیچ کتاب روشن کی اور وہ ہی خدا کہ سلاتا ہی تمکو بیچ رات کی اور جانتا ہی

مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ لِيُقْضَىٰ أَجَلٌ مُسَمًّى ثُمَّ إِلَيْهِ

اوس چیز کو کہ کرتی ہو تم بیچ دن کی بعد اوسکی جگاتا ہی تمکو بیچ دن کی تاکہ تمام کی جاوی اجل معین بعد اوسکی طرف اوسکی

إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ

جانی بازگشت تمہاری ہی بعد اوسکی آگاہ کریگا تمکو قیامت مین ساتھ اوس چیز کی کہ عمل کرتی ہو تم

قوله على بينة مروی ہی کہ نضر ابن حارث اور دیگر رؤسای قریش نی کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ چندبار عذاب الٰہی سے تخویف اور تہدید کی تمنی جو عقوبت کہ تم سی ہو سکی ہمکو پہنچاؤ لہذا حق تعالی نی اونکی حق مین یہہ فرمایا کہ کہہ تو محمد کہ مین اوپر اونکی حجت روشن کی ہون قوله ولا رطب ولا يابس بتحقیق کہ جمع کیا ہی تمام اشیا کو بیچ اس قول اپنی کی اسواسطی کہ تمام اجسام خالی نہین ہین ان دونوں سی اور بعضون نی کہا ہی کہ مراد اس سی حجر کہ زمین سی اوگی اور وہ چیز کہ نہ اوگی اور بعضون نی کہا ہی کہ رطب سی مراد حی اور یابس سی میت حاصل یہہ ہی کہ جمیع اشیا کا خدا عالم ہی اور لوح محفوظ مین لکھی ہوئی ہین اور کتاب مبین سی مراد ہی لوح کی اور بعضی تفسیر خلاصۃ المنہج سی یون معلوم ہوا ہی کہ علامت کتاب کا علما پر کیا ہی یعنی لا رطب ولا يابس

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتَّىٰ إِذَا

اور وہ غالب ہی اوپر بندون اپنی کی اور بھیجتا ہی اوپر تمہاری نگہبان فرشتون کو تا ایکہ جب کہ

جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ ○ ثُمَّ

آوی ایک تمہارے کو موت کہ لیجاتی ہین روح اوسکی کو رسول ہمارے فرشتی اور وہ فرشتی نہین قصور کرتی بعد

رُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ أَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ

پھیری جاوینگی طرف خدا کی کہ مولا اونکا سچا ہی آگاہ ہو کہ بیچ اوسکی حکم ہی اور وہ جلدی کرنی والا ہی حساب کرنیوالون مین

قُلْ مَنْ يُنَجِّيكُمْ مِنْ ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً

کہہ تو اے محمد کہ نجات دیتا ہی تمکو تاریکیہای بیابان سی اور دریا کی کہ پکارتی ہو تم اوسکو زاری کرتی ہوی اور پوشیدہ

لئن انجانا من هذه لنكونن من الشاكرين ○ قل الله ينجيكم منها و

اگر بچاوے ہمکو اس بلا سے البتہ ہوویں ہم شکر کرنیوالوں سے کہہ تو اللہ بچاتا ہے تمکو اوس سے اور

من كل كرب ثم انتم تشركون ○ قل هو القادر على ان يبعث

ہر اندوہ سے پھر بھی تم شرک لاتے ہو تم کہہ تو اللہ وہ قادر ہے اوس پر کہ بھیجے

عليكم عذابا من فوقكم او من تحت ارجلكم او يلبسكم شيعا و

اوپر تمہارے عذاب کو اوپر تمہارے سے یا زیر قدم تمہارے سے یا ملادے تمکو آپس میں گروہ گروہ

يذيق بعضكم باس بعض انظر كيف نصرف الايات لعلهم

چکھادے بعضے تمہارے کو رنج بعضوں کا نظر کر تو کس طرح سے پھیرتے ہیں ہم آیات کو شاید کہ

يفقهون ○ وكذب به قومك وهو الحق قل لست عليكم

جانتے ہیں اور تکذیب کی اوس قرآن کی قوم تیری نے حالانکہ وہ ہی حق ہے کہہ تو میں نہیں ہوں اوپر تمہارے

بوكيل ○ لكل نبا مستقر وسوف تعلمون ○ واذا رايت

نگہبان واسطے ہر ایک خبر کی وقت مقرر ہے اور قریب ہے کہ جانوگے تم اور جسوقت دیکھے تو

الذين يخوضون في اياتنا فاعرض عنهم حتى يخوضوا في

اون لوگوں کو کہ فکر کرتے ہیں بیچ آیات ہماری کے پس منہ پھیر لے اونسے تا آنکہ فکر کریں بیچ

حديث غيره واما ينسينك الشيطان فلا تقعد بعد الذكرى

کلام غیر قرآن کی اور اگر بھلادے تجکو شیطان پس نہ بیٹھ تو بعد یاد آنے کے ساتھ

مع القوم الظالمين ○ وما على الذين يتقون من حسابهم من

ساتھ گروہ ستمگاروں کی اور نہیں ہے اوپر اون لوگوں کی کہ ڈرتے ہیں حساب جرایم انکے سے

من شيء ولكن ذكرى لعلهم يتقون ○ وذر الذين اتخذوا

کوئی چیز و لیکن پند دینا ہے اوپر اونکے شاید کہ وہ لوگ بچیں گناہ سے اور ترک کر اون لوگوں کو کہ پکڑا انہوں نے

دينهم لعبا ولهوا وغرتهم الحيوة الدنيا وذكر به ان تبسل

دین اپنے کو لعب اور لہو اور فریب میں لاتی ہے انکو زندگانی دنیا کی اور پند دے ساتھ قرآن کے تا گرفتار نہو

نفس بما كسبت ليس لها من دون الله ولي ولا شفيع وان

کوئی نفس ساتھ اوس چیز کی کہ عمل کیا ہے اوسنے نہیں ہے واسطے اوس نفس کے سوا خدا کے کوئی دوست اور نہ کوئی شفاعت کرنیوالا اور اگر

تعدل كل عدل لا يؤخذ منها اولئك الذين ابسلوا بما

فدا دیوے وہ نفس سب فدیہ کو نہ قبول کیا جاویگا اوس سے یہہ وہ لوگ ہیں گرفتار کئے گئے ہیں بسبب اوس چیز کی

كسبوا لهم شراب من حميم وعذاب اليم بما كانوا يكفرون

عبارت ہو علی الزکی باب لا احمد جعلہ اللہ علی الاعراف رجالا پندرہ حرف ہین بینات اوسکی سات سے
ہوتی ہین نکلی اوس سی یہ وہولاء احمد واحبہ علی والحسنان والزہراء وامہا

ونادی اصحاب الاعراف رجالا یعرفونہم بسیماہم
اور نداکرین کی مردان اعراف لوگون کو کہ پہچانتی ہونگی اونکو ساتہہ نشانات اونکی [illegible]
قالوا ما اغنی عنکم جمعکم وما کنتم تستکبرون
کہین کی وہ کہ دفع نکیا تمسی عذاب کو کثرت تمہاری نی اور نہ وہ چیز کہ تہی جسکی تم غرور کرتی
اہؤلاء الذین اقسمتم لا ینالہم اللہ برحمۃ ادخلوا
کیا یہ فقرا ہین مومنین وہ لوگ ہین کہ قسم کہاتی تہی کہ نہ پہنچاویگا اونکو خدا رحمت کو داخل ہو تم
الجنۃ لا خوف علیکم ولا انتم تحزنون ونادی
جنت مین نہین خوف ہی اوپر تمہاری اور نہ تم غمگین ہو اور نداکرین کی
اصحاب النار اصحاب الجنۃ ان افیضوا علینا من الماء
اہل دوزخ اہل بہشت کو یہہ کہ ڈالو اوپر ہماری آب بہشت سی
او مما رزقکم اللہ قالوا ان اللہ حرمہما علی الکافرین
یا اوس چیز سی کہ روزی دی ہی تمکو خدا نی کہیگا اہل جنت [illegible]
الذین اتخذوا دینہم لہوا ولعبا وغرتہم الحیوۃ الدنیا
ایسی وہ کہ فرا کر لیا ہی اونہون نی دین اپنی کو لہو اور لعب اور فریب مین لاتی اونکو زندگانی دنیا
فالیوم ننسہم کما نسوا لقاء یومہم ہذا وما کانوا
پس آج کی دن بہول جاوینگی ہم اونکو جسطرحسی کہ بہولی وہ ملاقات اس دن [illegible] جسطرحسی کہ تہی وہ
بآیاتنا یجحدون ولقد جئناہم بکتاب فصلناہ
ساتہہ آیات ہماری کی انکار کرتی تہی اور تحقیق کہ لائی ہم واسطی اونکی کتاب کو [illegible]

عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

ساتھ دانش کی در حالیکہ ہدایت کرنیوالا ہی اور بخشش ہی واسطی اوس قوم کی کہ ایمان لاتی ہین نہیں انتظار کرتی ہین

اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ

مگر انجام کار اوسکی کو جس دن آئیگا انجام کار اوسکا کہینگے وہ لوگ کہ بھول گئی تھی قرآن کو اوسکی پہلی سی

قَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَاۗءَ فَيَشْفَعُوْا

تحقیق کہ آئی رسول پروردگار ہمارے ساتھ راستی کی پس آیا ہی واسطی ہمارے کوئی شفاعت کرنیوالا کہ پس شفاعت کرین واسطی

لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۭ قَدْ خَسِرُوْٓا

ہمارے یا پھر جاوین ہم طرف دنیا کی پس عمل کرتی ہم سوا اوس چیز کی کہ تھی ہم کہ عمل کرتی تھی ہم تحقیق زیان کیا

ع اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○

بیچ نفسہا اپنی کی اور گم ہوئی اونسی وہ چیز کہ تھی وہ کہ افترا کرتی تھے

قولہ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰىهُمْ الآیہ اون آدمیونکو نشانہای اونکی سی سیاہی مونہہ سی اور
کبودی چشم سی وہ پہچانی گئی سرداران کفر کی ہونگی مانند ولید بن مغیرہ اور ابوجہل اور عاص بن
وائل اور مثل اونکی بشر کو کہتی تھی کہ ہرگز خدا مثل بلال اور عمار اور صہیب کی بہشت مین
نلیجائیگا اور ہم سبکو دوزخ مین داخل نکریگا اور قسم کہاتی تھی کہ خدا تعالی بندہای حبشی پر
بزرگی دخول بہشت کی نرسی کا اونکی رد مین خدائی خبر دی قولہ مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ اور
دفع کیا تمسی عذابکو کثرت مددگارین اوس خبری کہ گردن کشی کرتی تھی سخن حق سی پس اہل اعراف
اشارہ کرینگی بطرف بلال اور صہیب کی اور عمار اور سلمان اور مانند اونکی اور کافرون سی کہینگے
کہ یہ گروہ وہ ہین کہ دنیا مین قسم کہاتی تھی ہم کہ خدا انپر رحمت نکریگا اور اب یہ کہ مہربانی خدا

سی بہشت مین ہین قولہ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ حق تعالی فضل اپنی سی عاصیان اہل
ایمانکو خطاب کریگا کہ داخل ہو تم بہشت مین نہ خوف اور نہین ہی خوف اوپر تمہاری اور نہ تم
غمناک ہو تم فرحت طلب اپنی کی آو ابن عباس رضی اللہ عنہ نی فرمایا کہ جسوقت اہل اعراف داخل بہشت
ہونگی دوزخیان طمع بہشت کی اپنی خاطر مین کرینگی او رکہینگی کہ ہمارے قرابتی بہشت مین ہین خدا سی
ہم ملتمس ہین کہ ہمین حق تعالی اجازت دیگا اہل بہشت کو بہی کا کہ دیکہو طرف دوزخ کی جب کہین [illegible]
کی کسی طرح خلق کی متحیر ہونگی ہو کی اور دوزخیان کو پہچانی کی اور کہا اور یا ہمشہ اپنی طلب کی [illegible]
انہی کی روز حشر سی ہی انکو خدائی سار اشربہ سی اور انواع طعام کی سالہ اوسکی وقع اسکی کرتی ہین [illegible]
یا [illegible] قولہ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ [illegible] اوَلٰۗىِٕكَ اَهْلُ الْبَيْتِ

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ

تحقیق پروردگار تمہارا خدا ہی ایسا کہ پیدا کیا آسمانو اور زمین کو بیچ چھ دنکے

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَي الْعَرْشِ ۣ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا

پس مستولی ہوا اوپر عرش کی ڈہانپتی ہی رات کو دن سی طلب کرتی ہی دن رات کو [illegible]

وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ

اور پیدا کیا آفتاب کو اور مہتاب کو اور ستارونکو کہ فرمان بردار ہین ساتھ حکم اوسکی کی آگاہ ہو کہ واسطی اوسکی ہی پیدا کرنا اور حکم [illegible]

تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ

بزرگ ہی خدا کہ پروردگار تمام عالم کا ہی یاد کرو تم پروردگار اپنی کو در حالیکہ زاری کرنیوالی ہو اور پوشیدہ بیشک وہ

لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ○ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا

نہین دوست رکہتا ہی تجاوز کرنیوالونکو اور نہ فساد کرو تم بیچ زمین کی بعد صلاح لانی اوسکی زمین کی

وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ ۝
اور پکارو تم اوسکو حالت خوف مین اور حالت امید مین بیشک رحمت خدا کی نزدیک ہی نیکی کرنیوالون سے

وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ حَتَّىٰ إِذَا
اور وہ خدا ایسا ہی کہ بھیجتا ہی ہواؤنکو واسطی خوشخبری دینے کی آگی رحمت اپنی کی یہانتک کہ جب

أَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنَاهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَنزَلْنَا بِهِ الْمَاءَ
اوٹھالیتی ہین وہ ہوائین ابر پانی سی گران بار کو ہانکتی ہین ہم اوسکو واسطی زندہ کرنی زمین مردہ کی پس اوتارا ہم نی ساتھ اوسکے پانی

فَأَخْرَجْنَا بِهِ مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ كَذَٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ لَعَلَّكُمْ
پس نکالتی ہین ہم وسیلہ اوس پانی کی ہر طرح کی پھلون سی اسیطرح سی زندہ کرتی ہین ہم مردونکو شاید کہ تم

تَذَكَّرُونَ ۝ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهُ بِإِذْنِ رَبِّهِ وَالَّذِي
دریافت کرو تم اور زمین پاکیزہ کہ باہر آتی ہی سبزی نیک اوس کی ساتھ فرمان رب اوسکی کی اور وہ زمین

خَبُثَ لَا يَخْرُجُ إِلَّا نَكِدًا كَذَٰلِكَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَشْكُرُونَ ۝ ع
بری ہی نہین نکلتی گیاہ اوس کی مگر اندک کہ نفع نہین ہی بیچ اوسکی اسیطرح پھیرتی ہین ہم آیتونکو واسطی گروہ کی کہ شکر کرتی ہین

لَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم
ہر آئینہ تحقیق کہ بھیجا ہمنی نوح کو طرف قوم اوسکی کی پس کہا نوح نی ای قوم میری عبادت کرو تم خدا کی کہ نہین ہی واسطی تمہاری

مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ قَالَ
کوئی خدا سوای خدا برحق کی تحقیق مین ڈرتا ہون اوپر تمہاری عذاب روز بزرگ سی کہا

الْمَلَأُ مِن قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ قَالَ يَا قَوْمِ
بزرگان قوم اوسکی نی تحقیق ہم دیکھتی ہین تجھکو بیچ گمراہی روشن کے کہا نوح نی ای گروہ میری

يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي ضَلَالَةٌ وَلَٰكِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ۝
نہین کچھ میری ساتھ تھوڑی بھی گمراہی اور لیکن مین بھیجا ہوا ہون نزدیک پروردگار تمام عالم کی

أُبَلِّغُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَأَنصَحُ لَكُمْ وَأَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا
پہنچاتا ہون مین تمکو پیغام پروردگار اپنی کی اور نصیحت کرتا ہون واسطی تمہاری اور جانتا ہون مین طرف خدا کی اوس چیزکو

تَعْلَمُونَ ۝ أَوَعَجِبْتُمْ أَن جَاءَكُمْ ذِكْرٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ
کہ نہین جانتی ہو تم کیا تعجب کرتی ہو تم بسبب کہ آئی تمکو ایک نصیحت نزدیک پروردگار تمہاری سی اوپر زبان ایک مرد کی

مِّنكُمْ لِيُنذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ فَكَذَّبُوهُ
تم سے تاکہ ڈراوی تمکو اور تاکہ خوف کرو تم خدا سی اور شاید کہ تم رحم کئی جاؤ پس تکذیب کیا اوسکو قوم نی

فَأَنجَيْنَاهُ وَالَّذِينَ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ
نوح کو پس نجات دی ہمنی اوسکو اور ان لوگون کو ساتھ نوح کی تھی بیچ کشتی کی اور غرق کیا ہمنی ان لوگونکو

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا عَمِينَ ۝
تکذیب کی اونہون نی ساتھ آیات ہماری کی بدرستی کہ وہ تھی قوم اندھی

ہر چند کہ قادر مطلق قادر ہی کہ ایک چشم زدن مین تمام اشیا کو پیدا کری لیکن واسطی آگاہ کرنی
اوس کی کہ بندی ہماری کسی امور مین تعجیل نکرین آور مولانا طبرسی نی لکھا ہی کہ حق تعالی نی ابتدای
بروز یکشنبہ کی اور تا آخر روز جمعہ کی جمیع مخلوقات کو پیدا کیا اور مجتمع کیا اور ہی وہ طی جمعہ نام
رکھا اور بعد اوسکی خلق عرش پر اراده اوسکا مستولی ہوا آور یا غالب ہوا عرش پر اور ہر کام کی
خلق پر قادر ہوا غیر عرش بطریق اولی قادر ہوگا آور مجوع جوہ جانی نی بیچ تفسیر اپنی کی نقل کیا ہی
کہ حق تعالی نی عرش کو بصورت تخت پیدا کیا ہی خبر مین وارد ہی کہ جبرئیل نی اراده کیا کہ نزدیکی

عرش کو دیکھا چاہی حق تعالی سی اذن طلب کیا واسطی پرواز کرنی کی پس چند سال پرواز کیا تا آنکہ
ضعیف اور سست ہوئی بعد اسکی حق تعالی سی قوت طلب کی حق تعالی نی قوت اونکی کو زیادہ
کیا پھر اونہون نی پرواز کیا اور دس بار ایسی سست ہوئی اسطرحسی چند نوبت اونہون نی قوت طلب کی
اور پرواز کیا اور سست ہوئی کہا جبرئیل نی کہ خداوندا اگر عرش کو سیر کیا مینی دیا کنگرہ عرش کو جو
الٰہی سی نور آتی کو جبرئیل کئی ہزار برس سی کہ تو پرواز کرتا ہی ابہی تک ایک قائمہ تو ائمہ کی
عرش کو نہین دیکھا تو نی قولہ تعالی اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ منقول ہی کہ ایک نی زاہد نی
مناجات اپنی مین کہا کہ ای بار خدایا کر وفاداران تجہسی امید رکہتی ہین جفا کاران بہی سوای
تیری پناہ نہین رکہتی ہین امان الاخبار مین مذکور ہی کہ جو شخص ان دونو آیتونکو پڑہی اور بعد کی
کہی کہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّهٗ
لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ حق تعالی کہتا ہی کہ گوا و رہو ای ملائکہ میری کہ جمیع گناہان اس
بندی کی بخشی مینی فائدہ اگرچہ بظاہر اس آیہ سی متوہم ہوتا ہی کہ بدکاران سی رحمت قریب نہین ہی
لیکن بعد التأمل کی ظاہر ہوتا ہی کہ حال اسطرحسی نہین ہی اسواسطی کہ قریب ہونا ایک چیز کا ایک
نفی عدم قرب کو دوسری چیز سی نہین کرتا ہی خصوصاً بلحاظ لا تقنطوا من رحمۃ اللّٰہ کی کہ جو
ناامیدی کی سبب کی واسطی ہی خواہ نیکوکار ہو خواہ بدکار رہو اور نہ عدم قرب کو لازم نہین ہی
کہ بالکل وصول رحمت واسطی بدکارو کی نہین ہوتی ہی فائدہ قولہ تعالی بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ مروی ہی کہ
عہد بعضی صحابہ مین ایک شخص کو گرفتار کیا واسطی قتل کرنی کی امیر المومنین صلوات اللّٰہ علیہ نی پوچھا
اوسکو جسمسی اسکو قتل کرتی ہو کہا اونہون نی کہ کلمہ کفر کی کہنی پر اصرار کرتا ہی اور توبہ نہین کرتا
فرمایا کیا کہتا ہی کہا لوگون نی کہ کہتا ہی کہ بغیر دیکہی کی گواہی دیتا ہون اور فتنہ کو دوست رکہتا ہون

ہون اور رحمت سی بہاگتا ہون حضرت نی فرمایا کہ یعنی اسکا قائل ہو سو اسطی کہ حلیم ہون اور
طاعت سی عرض کی لوگون نی کہ کسطرح فرماتی ہین آپ یا امیر المومنین صلوات اللّٰہ علیہ حضرت نی
فرمایا کہ گواہی نہ دیکہی کی بہشتی خدا پر گواہی ہی اور مراد دوستی فتنہ سی مراد مال و فرزند
ہین اِنَّمَا اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ اور بہاگنی رحمت سی مراد باران ہی ہکذا نقل فی اخبار
فائدہ قولہ تعالی كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى معلوم کیا چاہی کہ جو شخص قادر ہی زندہ کرنی زمین پر اور پیدا
کرنی پہلون پر البتہ قادر ہوگا اوپر زندہ کرنی اموات کی جسطرحسی کہ زمین مردہ کو ساتھ مینہ
کیا وہ تر و تازہ کی زندہ کرتا ہی دشوار نہین کہ اموات کو زندہ کری ابن عباس سی منقول
ہی کہ ہرگاہ سب لوگ نفخہ اول مین مرجاوین کی حق تعالی چالیس برس ابر باران برساویگا
اور وہ پانی زیر عرش سی برسان ہوگا اور اوسکو ماء الحیوان کہین کی بعد اسکی مینہ زمین سی
پیدا ہوئی ہرگاہ بدن آدمی تمام خلقت ہونگی حق تعالی روحکو اونمین دم کریگا بعد اسکی خواب
غالب کریگا اور نفخہ دوم مین ہرگاہ کہ یہہ اونہین کی دریافت کرین کی اسم خوابسی اوٹہی
پس کہین کی وہ کہ وای اوپر ہمارے کہ ہمکو خوابسی بیدار کیا قولہ تعالی اِلَّا نَكِدًا ابن عباس اور
مجاہد اور حسن سی مروی ہی کہ یہہ مثل ہی کہ حق تعالی نی ایراد کی ہی شان مومن اور کافر
مین پس تشبیہ دی ہی دل مومن کو ساتھ زمین پاکیزہ کی اور دل کافر کو ساتھ زمین شورہ
زار کی پس ہرگاہ کہ باران موعظہ سحاب کلام ربانی سی دل مومنین پر برستا ہی انوار طاعت
اور غصانکی کی ظاہر ہوتا ہی اور ہرگاہ کہ کافر اوس موعظہ کو سنتی ہین زمین دل اونکی تخم
وعظ قبول نہین کرتی مروی ہی کہ اگر روز کل سر مسند بیعت مجتبی حضرت امام حسن علیہ الصلوٰۃ والسلام نی بیعت کی
کنی معاویہ نی بقصد الزام اون حضرت کی کہا کہ ای حسن حق تعالی نی فرمایا وَالْبَلَدُ الطَّیِّبُ

ولا یابس الا فی کتاب مبین اور معنی اسکی یہہ ہین کہ کوئی تری اور خشکی نہین مگر کہ قرآن مین
موجود ہی محاسن میری اور تیری قرآن مین کتاب مذکور ہی اور محاسن حضرت کی بہت جتنی
تہی اور محاسن معاویہ کی کم تہی حضرت نی جواب معاویہ مین فرمایا کہ حق تعالی نی محاسن میرے
اور تیرے کا اس آیہ مین ذکر کیا ہی والبلد الطیب الخ معاویہ نی ہرگاہ سنا اس آیہ کو
بہت منفعل ہوا قولہ … عذاب یوم عظیم … علیہ السلام سی مروی ہی کہ عمر نوح دو ہزار
پانسو برس کی تہی پیش از بعثت نو سو پچاس برس بعد از بعثت خلقت کو دعوت کرتی تہی اور دو سو
برس بیچ بنا کشتی کی مصروف رہی اور پانسو برس بعد از نزول کشتی کی زندہ رہی اس اثنا
مین شہر او رقریہ بہت سی بنا کئی اور اوس عرصہ مین کہ قوم کو دعوت کرتی تہی بہت سا عقوبت
سی اوٹہاتی تہی تاثیر کم ہوتا تہا اور ہر روز طغیان ہنگار زیادتی پر تہا اور ہرگاہ حضرت نوح ساتہہ عقوبت
کی مشغول ہوتی تہی اسقدر حضرت نوح کو بہت اونکی زد و کوب کرتی تہی کہ بیہوش ہو جاتی تہی اور
اونکی مرد مان نوح کو نمد ایک مین پیچیدہ کرکی گہر کو چلی جاتی اور گمان ونکا یہہ ہوتا تہا کہ مر گئی …
جبہکو ہوش آتی اور دعوت کرتی تہی اور ہر روز بہت اونکی اسقدر پتہر اونکو مارتی تہی کہ پتہرون مین پوشیدہ ہو جاتی
اور جبکو جبرئیل آتی تہی اور زیر پتہر سی اونکو باہر لاتی تہی اور اپنی پر اونکی زخم پر ملتی تہی کہ پہر صحیح اور
تندرست ہو جاتی تہی پہر صبح کو آتی اور کہتی تہی کہ کہو تم لا الہ الا اللہ تا رستگار ہو تم مروی ہی کہ ایک پیر سال
طفل کو گود مین لیکر نزدیک نوح کی آیا اور حضرت نوح کو دکہلایا اور کہا کہ ای فرزند یہہ ساحر ہی چاہتی کہ …
… نہ آنا اوس طفل نی کہا کہ ای پدر شاید مین بعد تیری زندہ رہون …
ایک پتہر اوٹہا دیا اوسنی اوس پتہر کو لیکر ہر بار اسر مبارک پر … کا شکستہ ہوا اور خون بہنی لگا
اور بیہوش ہوئی ہرگاہ کہ ہوش مین آئی بددعا کی اور کہا کہ رب

۷۹

رب لا تذر علی الارض من الکافرین دیارا حق تعالی نی اوپر عذاب نازل کیا کہ چالیس برس کسی کی
اولاد نہ ہوتی تہی اور قحط شدید برس اثنا مین تا آنکہ ہلاک ہوتی جانور اور اموال اور جاتی رہی بستان
جبل اور اونکی قولہ فی الفلک فاغرقنا منقول ہی کہ عرصہ دسی برس مین
کشتی تیار کی پس مومنونکو کشتی مین سوار کیا اور جمیع کفار کو ہلاک کیا اور اوس شخص
کشتی مین تہی چالیس مرد اور چالیس عورتین اور بروایت اہل بیت معلوم ہوتا کہ
شخص تہی کہ تین اونمین سی فرزند اونکی تہی سام اور یافث اور حام اور باقی پانچ مومنون کی

والی عاد اخاهم هودا قال یا قوم اعبدوا الله ما لکم من اله

اور بہیجا ہمنی طرف قوم عاد کی بہائی اونکی ہود کو کہا ہود نی اے قوم میری عبادت کرو تم خدا کی کہ نہین کوئی معبود تمہاری

غیره افلا تتقون ○ قال الملأ الذین کفروا من قومه انا

… کہا سرداران نی … کافر ہوئی قوم ہود سی … کہ ہم

لنراك فی سفاهة وانا لنظنك من الکاذبین ○ قال

دیکہتی ہین تجکو بیچ نادانی کی اور تحقیق کہ ہم البتہ گمان کرتی ہین تجکو دروغ گوئون سی کہا ہود نی

یا قوم لیس بی سفاهة ولکنی رسول من رب العالمین ○

اے گروہ میری نہین ہی ساتہہ میری حمق اور لیکن مین بہیجا گیا ہون جانب پروردگار عالمیان کی

ابلغکم رسالات ربی وانا لکم ناصح امین ○ او عجبتم ان

پہنچاتا ہون تمکو پیغامہا ربانی کی اور مین واسطی تمہاری نصیحت کرنی والا ہون کیا تعجب کرتی ہو تم

جاءکم ذکر من ربکم علی رجل منکم لینذرکم واذکروا اذ جعلکم

آوی تمکو پند جانب رب سی اوپر زبان ایک مرد کی تمہین سی تاکہ ڈراوی تمکو اور یاد کرو تم ہرگاہ کہ کرو تمکو

خُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِ قَوْمِ نُوحٍ وَزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَسْطَةً فَاذْكُرُوا

خلیفہ اسی زمین میں پس از قوم نوح کے اور زیادہ کیا تمکو بیچ پیدایش تمہاری کشادگی کو پس یاد کرو تم

آلَاءَ اللَّهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللَّهَ وَحْدَهُ

نعمتہای خدا کو شاید کہ تم رستگار ہو کہا کر وہ ہو کہ آیا آیا ہی تا کہ ہم عبادت کریں ہم اکیلی اللہ کی

وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ

اور ترک کریں ہم اوس چیز کو کہ عبادت کرتی تہی جسکی باپ ہمارے پس لا تو ہمکو وہ چیز کہ وعدہ دیتا ہی ہمکو ساتھ اوسکی اگر ہی تو سچوں سی

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ رِجْسٌ وَغَضَبٌ أَتُجَادِلُونَنِي

کہا ہود نی بتحقیق کہ واجب ہوا اوپر تمہاری جانب تمہاری سی عذاب اور خشم آیا مجادلہ کرتی ہو تم ساتھ میری

فِي أَسْمَاءٍ سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ مَا نَزَّلَ اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ

بیچ ناموں ہای بتوں کی کہ نام رکہا ہی تمنی اونکا تم اور پدران تمہاری نی نہیں نازل کیا خدا نی ساتھ عبادت اونکی کوئی حجت

فَانْتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ ۝ فَأَنْجَيْنَاهُ وَالَّذِينَ مَعَهُ بِرَحْمَةٍ

پس منتظر ہو تم عذاب کی کہ میں بھی ساتھ تمہاری انتظار کرنی والوں سی ہوں پس نجات دی ہمنی ہود کو اور اون لوگوں کو کہ ساتھ اوسکی تھی ساتھ بخشش

مِنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَمَا كَانُوا مُؤْمِنِينَ ۝ ع

ہماری طرف سی اور کاٹ دی ہمنی بنیاد اون لوگوں کی کہ تکذیب کی تہی انہوں نی ساتھ آیات ہماری کی اور نہ تہی وہ ایمان لانی والی

قوله اخاهم هودا اور ہود بیٹی عبداللہ کی اور عبداللہ پسر رباح کی اور رباح خلف جلود کی اور جلود بیٹی عاد کی اور عاد بیٹی عوص اور عوص بیٹی سام کی اور سام بیٹی نوح کی اور قوم عاد مردمان قوت وار اور قد دار تہی اور تمام دنیا زمین میں اونسی کوئی قوم قوی تر نہ تہی کثرت بہت سی تہی اور رہائی فراخ رکہتی تہی اور عمر دراز پرستش بت میں صرف کرتی تہی ہود نی بعد از بعث کی اونکو طرف حق کی دعوت

کی اور کہا یا قوم اعبدوا اللہ الآیہ قوله سمیتموها یعنی نام بتونکا تمنی رکہا ہی معنی الوہیت کی

نہیں ہیں منقول ہی کہ بعضی بت کا نام صاقیہ کہا تہا اونہوں نی اور کہا اون کا تہا کہ اوس سی

سبب نازل ہوتا ہی اور بعضی کا نام حافظہ رکہا تہا اوسکی گمان کرتی تہی کہ وہ نگہبان ہی

اور بعضی کا نام رازقہ رکہا تہا بنابر ظنہ روزی دینی کی قوله وقطعنا اور کیفیت وقوع عذاب کی براجمال

یہہ ہی کہ ہرگاہ کفر اور عصیان اونکا بحد نہایت پہنچا حق تعالی نی تین برس باران اونسی موقوف کیا

اور بعد اوسکی ابر سیاہ اوپر اونکی بہیجا اور گرد وادی اونکی احاطہ کر لیا ہرگاہ اوسکو ابر تصور کیا شاد ہوئی

سبکی سب اوسکی بیچ جمع ہوئی حال آنکہ وہ باد تہی سیاہ تہی کہ پارہ ہای آہن تہی جس شخص کو لگتی

تہی ہلاک کرتی تہی اور یہہ ہوا سات شبانہ روز اوپر مسلط رہی اور تمام اونکا پارہ پارہ کرکی اوپر اونکی

زمین گرا دیتی تہی اور سب کو اونمیں سی مار رکہا اور ہود ہمراہ اہل ایمان کی ایک حصار میں داخل ہوا اور

معلوم کیا کہ یہہ عذاب سی خالی نہیں باہر کبھی تہی لہذا اوس وقت ہلاکت سی اونہوں نی نجات پائی

تکملہ کوع یازدہم سپارہ ہشتم قوله الا اللہ اتموف میں بینات اوسکی جاری ہوئی

مین نکل اوس سی یہہ عبارت ولاء علی وودا دابنائه علیهم السلام

موید اوسکی وہ حدیث ہی کہ کلینی نی اوسکی روایت کی ہی وہ صلوات اللہ علیہ سی کہ آیہ واذکروا آلاء اللہ

آیا جانتا تو کہ آلاء کیا ہی تحقیق مراد اوس میں بیان فرمایا اعظم نعمت ہای خدا میں اوپر خلق کے

وَإِلَى ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ

اور بہیجا ہمنی طرف قوم ثمود کی بہائی اونکی صالح کو کہا صالح نی اے قوم میری عبادت کرو تم خدا کی نہیں ہی تمہاری

مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ قَدْ جَاءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ هَٰذِهِ نَاقَةُ

کوئی خدا اوسکی سوا تحقیق کہ آیا تمکو معجزہ جانب تمہاری رب کی سی یہہ شتر

اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا

خدا کا ہی واسطی تمہارے نشانی ہی ہوتے پس ترک کرو اوسکو تاکہ کہاوے بیچ زمین خدا کی اور مت مس کرو تم اوسکو

بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ

ساتھ بدی کی پس لیلی تمکو عذاب دردناک اور یاد کرو تم وقتیکہ کر دیا تمکو

خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ

خلیفہا سی زمین پس از قوم عاد کی اور جگہ دی تمکو بیچ زمین کی کرتے تم

مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا فَاذْكُرُوْٓا

زمین نرم اوسکی سی مکانہا عالی کرتے اور بناتے ہو تم پہاڑوں میں خانہا عالی سے پس یاد کرو تم

اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ○ قَالَ الْمَلَاُ

نعمتہا ئی خدا کو تم ہو مت پہرو بیچ زمین کی دور فساد کرنیوالے کہا بزرگان تھی

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ

ایسے وکہ سرکشی کی اونہوں نے گروہ صالح سے واسطی اون لوگوں کی کہ عجز کرتی تہی وہ واسطی اوس شخص کے

اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قَالُوْٓا اِنَّا

کہ ایمان لائے اون سے آیا جانتے ہو تم تحقیق کہ صالح بہیجا گیا ہی جانب رب اپنی سے کہا ضعیفوں نے تحقیق ہم

بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ○ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا

ساتھ اوس چیز کی کہ بہیجا گیا ہی صالح ساتھ اوسکی ایمان لانیوالے ہیں کہا اون لوگوں نی کہ سرکشی کی اونہوں نی تحقیق ہم

بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ○ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا

ساتھ اوسکی کہ ایمان لائے تم ساتھ اوسکی انکار کرنیوالے ہیں پس پی کیا ناقہ کو اور سرکشی کی اونہوں نی

عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ

اور سرکشی کی او حکم رب اپنے کی فرمان سے اور کہا اونہوں نی کہ ای صالح لا تو ہمکو وہ چیز کہ ڈراتا تہا تو ساتھ اوسکی

اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا

اگر ہی تو پیغمبروں سے پس لیا اونکو زلزلہ نی پس ہوئی وہ

فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ○ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ

بیچ گہروں اپنی کی ہلاک پس روگردانی کی صالح نی اونسی اور کہا صالح ای قوم میری تحقیق

اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ

پہنچایا میں نی تمکو پیغام رب اپنی کو اور نصیحت کی میں نی واسطی تمہارے اور لیکن نہیں دوست رکہتی ہو تم

النّٰصِحِيْنَ ○ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ

نصیحت کرنیوالوں کو اور بہیجا ہم نی لوط کو وقتیکہ کہا واسطی قوم اپنی کی آیا بجا لاتے ہو تم بدی کو

مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ○ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ

کہ نہیں سبقت کی اوپر تمہارے ساتھ اوس کی کسی تمام عالم سے آیا تحقیق تم پر آتے ہو تم مردوں کے

شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ○ وَمَا كَانَ

واسطی شہوت کی سوائی عورتوں کی بلکہ تم ہو گروہ اسراف کنندگان اور نہ تہا

جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ

جواب قوم لوط کا مگر یہ کہ کہا اونہوں نی نکالو تم لوط کو تحقیق وہ

اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ○ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ڮ كَانَتْ

لوگ ہیں کہ پاکیزگی کرتی ہیں پس نجات دی ہمنی لوط کو اور اہل اوسکی کو مگر زن اوسکی کہ تہی وہ

ولقد

مِنَ الْغَابِرِيْنَ ○ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا فَانْظُرْ كَيْفَ

یعنی دالونمین بیچ دوکی اور برسایا ہمنی اوپر اونکی باران کو پس دیکہہ تو کسطرحسی

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ○ ع

ہوا انجام کار گنہگاروں کا

قولہ قد جاءتکم بینۃ قوم ثمود نی بسبب کثرت کی اور توانائی جسم کی تکذیب صالح کی کیا
اونہون نی کہ ہمکو کوئی معجزہ دکہلا تا تصدیق رسالت تمہاری کرین صالح نی پوچہا کہ کیا طلب کرتے
ہو تم اونہون نی اشارہ کیا طرف ایک پتہر کی کہ اوسمین ایک ناقہ آبستنی ہو ہماری دیکہتی نکالو
صالح نی فرمایا کہ اگر خدا ایسا معجزہ میری دعا سی تمکو دکہلاوی ساتہہ وحدانیت الہی کی
اقرار کرو تم کہا اونہون نی کہ آری اور سوگند سخت کہائی اونہون نی صالح نی دعا کی نیکال
وہ پتہر شق ہوا اور ناقہ خوب گرا اوس کی باہر آیا اور اوسی ساعت بچہ اوس سی پیدا ہوا اور لوگ
دیکہتی تہی باوجود دیکہنی کی ایمان نہ لائی اور وہ شتر درمیان چراگاہ کی بیہودتی چلتی سے تے
اور آب چشمہ اوسکی کو ایک روز پی جاتی تہی اور اوسی قدر دودہ دیتی تہی اور دیگر روز چشمہ
کی نہ آتی تہی قولہ ولکن لا تحبون الناصحین کعب الاحبار سی مروی ہی کہ باعث کشتن ناقہ صالح یہہ تہا
کہ بادشاہ ثمود کی ایک عورت تہی کہ ملکہ نام کہتی تہی ہر گاہ ایک جماعت کو دیکہا کہ صالح سی ایمان
لائی محبت اوسکی سی کنارہ کیا اوس کون نی غضب مین ہو کر کہا ایک عورتسی کہ نام اوسکا قطام
تہا کہ معشوقہ قدار بن سالف تہی اور ایک دیگرسی کہا کہ نام اوسکا قبال تہا کہ معشوقہ مصدع کی
تہی کہ تم مجلس کو آراستہ کرو قدار اور مصدع کو بلاؤ اور شراب خواری کرو اور وقتیکہ تمسی قصد
مباشرت کرین کہو کہ جب تک ناقہ کو قتل نکرو گی مباشرت نہوگی دونو عورتین اسیطرح سی عمل مین

عمل مین لائین اور قدار نی مصدع کو قتل ناقہ پر برانگیختہ کیا پہلی قدار نی ایک تیر مارا کہ ساق مین لگا
اور مصدع نی پیچہی سی آکر پانوی ناقہ کو قطع کیا اور ناقہ گری اور آواز کی اون نی ہر گاہ بچہ اوسکی نی
آواز سنی چاہا کہ اوسکو مارا لوگون نی پہاڑ پر آیا اور تین دفعہ آواز کی او پہاڑ شق ہوا اور بیچ اوس کی
سما گیا صالح نی کہا کہ ای قوم حرمت خدا کو نہ نگاہ رکہا تمنی اب مستعد عذاب کی ہو اونہون نی
بطریق استہزا کہا کہ یہہ عذاب کب نازل ہوگا صالح نی کہا کہ عنقریب نازل ہووی کہ جس روز
ناقہ کو قتل کیا روز چہارشنبہ تہا اور علامت نزول عذاب یہہ ہی کہ صبح کو کہ پنجشنبہ ہو گا رنگ
تمہاری زرد ہو جاوینگی اور جمعہ کو سرخ اور شنبہ کو سیاہ بعد اسکی صالح درمیان اونکی سی نکل
ہو گئی ہر گاہ پنجشنبہ ہوا اور خواب سی بیدار ہوتی شہ اوکی زرد ہوتی جانا کہ صالح سچ کہتا تہا غضب
مین آئی اور صالح کو ڈہونڈہنی لگی کہ تا صالح کو قتل کرین ہر چند تفحص و تجسس کیا نہ پایا روز جمعہ
رو ہائی اپنی کو سرخ پایا یقین انکا زیادہ تر ہوا اور روز شنبہ رو ہائی اپنی کو مثل قیر سیاہ پایا
اسکی بالمکید تکیہ مرہنی اور کفن پہنی اور حنوط کیا اور حنوط اونکا صبر اور مشک تہا اور جانب آسمان
دیکہتی تہی کہ عذاب کسطرحسی آتا ہی ہر گاہ چاشت کا وقت پہنچا ایک آواز آسمانسی آئی کہ تمام حیات
دنیائی سنا اوسکو اور زمین ہول اوسکی سی لرزنی لگی اور دلہائی قوم ثمود بیچ اوسکی سی شق ہوگئی
اور ایک بارگی ہلاک ہوئی اور بعد ہلاک ہونی کی ایک صاعقہ آسمانسی نازل ہوا اور سب کو جلا دیا
مروی ہی کہ صالح بعد ہلاک قوم مکہ مین آئی اور عبادت کرتی رہی تا اینکہ وفات پائی اور آنحضرت
رسالت صلی اللہ علیہ و آلہ نسی مروی ہی کہ ای علی جانتا ہی کہ بدبخت ترین پیشینیان کون ہی حضرت امیر نی
فرمایا کہ خدا اور رسول اوسکی دانا ترین جناب نبوی نی فرمایا کہ وہ پی کنندہ ناقہ صالح ہی بعد اسکی
فرمایا کہ بدبخت ترین پسینیان کون ہی حضرت نی عرض کی کہ خدا و رسول دانا ترین جناب نبوی نی فرمایا

کو وہ لوٹ ڈالتی تہی قولہ وامطرنا علیہم مطرا فانظر منقول ہی کہ جبکہ ابراہیم علیہ السلام بابل
سی متوجہ شام کی ہوئی لوط کہ برادر زادہ اونکی تہی ہمراہ اونکی تہی حق تعالی نی اونکو پیغمبری دیکر
ساتہہ اہل موتفکات کی بہیجا اور وہ پانچ شہر تہی عظیم اونکا شہر سدوم تہا لوط اوس شہر مین
اوترے اور خلق کو طرف خدا کی دعوت کرتی تہی اور بیس سال درمیان اون لوگون کی دعوت کی
اور ساتہہ نیکی کی حکم کرتی تہی اور بدیسی منع فرماتی تہی اور ایک اون مردون سی لواطہ ہی لہذا
اون لوگون نی چاہا کہ انکو اس دیار سی باہر کیا چاہئی چنانچہ وقت شب لوط ساتہہ مومنین کی
اوس شہر سی باہر گئی جبرئیل ساتہہ فرمان ملک جلیل کی پر اپنی کو نیچی اوس شہر کی زمین مین سی
اوٹہایا اور قریب آسمان کی لی گئی اسطرح سی کہ آواز سگ ہائی اوس قریہ کی اہل آسمان اول کی سنتی
تہی بعد اوسکی اوس قریہ کو اولٹ دیا اور یہ بعد از بارش سنگ ہوا تہا محمد بن اسحاق سی
منقول ہی کہ قوم لوط نہایت مالدار اور باغہای بیشمار رکہتی تہی غربا اطراف سی آتی تہی اور طلب
فواکہ ان سی کرتی تہی لہذا اوس سبب سی رنج کہینچتی تہی ابلیس لعین بصورت امرد نزدیک انکی آیا اور
کہا کہ اگر چاہتی ہو تم کہ دست غربا سی نجات پاؤ ساتہہ انکی لواطہ کرو اور طریق لواطہ کو سکہلایا
اونسی پس وہ ساتہہ اس عمل کی مشغول ہوئی تا بحدیکہ لواطہ کمال رائج ہوا آسمان اور زمین اور
عرش آلودہ [illegible] اس عمل کی نالش مین آئی حق تعالی نی آسمان سی سنگ نازل کئی کہ انکو زیر زمین
کیا تہا اور وجوب قتل فاعل و مفعول مین خلاف نہین ہی لیکن امام مختار ہی
اگر چاہی بہ تیغ اوسکو مارے یا دیوار گرا دی یا بلندی سی نیچی کو ڈال دی خبر مین وارد ہی کہ ایک غلام
کو نزدیک امیر المومنین صلوات اللہ علیہ لائی اور کہا کہ اس غلام نی آقا اپنی کو قتل کیا ہی او شاہد ہوئی
اوپر گواہی دی حضرت نی غلام کو پوچہا کہ تو کیا کہتا ہی کہا جو کچہ کہتی ہین درست ہی فرمایا کہ

کیون تو نی ایسی حرکت کی کہا اون نی مجہ سی کہ مجہسی لواطہ بکراہ چاہتا تہا اور مین منع اوسکا ہوتا تہا
مالک نی بقصد دفع اوسکی قتل کیا اوسکو حضرت امیر نی فرمایا کہ مجکو بہی گواہ چاہئین اس دعوی کے
کہا اونسی کہ مین گواہ کہان سی لاؤن کہ آقا میرا اکیلا مین تنہا تہا اور شب تاریک تہی اور بیچ غلام
اوسکا تہا کہ اون نی قصد میرا کیا پس مینی اوسکو ہلاک کیا فرمایا کہ ہر گاہ تو نی اوسکو زخم مارا تہا
تو بسمل تہا تو نی یا نہین کہا اونسی کہ نہین حضرت نی فرمایا کہ اللہ اکبر اب رہا وہ درد و رنج
ہوتا ہی پس فرمایا کہ جاؤ اور قبر اوسکی کو کہود اگر قبر مین پاؤ مالک اوسکی کو تو جانو کہ غلام دروغ
قصاص اس سی لینا اور اگر قبر مین نہو تو وہ رسی کو ہی چہوڑ دینا جعفون نی اوس درہی تعجب کی
کہ علی صلوات اللہ علیہ ابتک زندہ پر حکم کرتی تہی حال مردہ پر بہی حکم کرنی لگی پس لوگ گئی اور قبر کو کہودا
اور اوسکو نپایا پس اوسکو چہوڑ دیا لوگون نی عرض کی یا امیر المومنین آپ نی کس جہت سی فرمایا ہی شاہد
عمل قوم لوط کری اور بی توبہ مرجاوی حق تعالی اوسکو تہ دیک قوم لوط کی لیجاتا ہی تا حشر اوسکا ہمراہ قوم لوط ہو

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم

اور بہیجا ہمنی طرف قوم مدین کی بہائی انکی شعیب کو کہا شعیب نی ای قوم میری عبادت کرو تم خدا کی کہ نہین ہی تمہاری

مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ قَدْ جَاءَتْكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ فَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ

کوئی خدا سوائی خدا کی بر حق کی تحقیق کہ آیا تمکو معجزہ جانب رب تمہارے سی پس کہا شعیب نی کہ تمام کرو تم پیمانہ اور ترازو کو

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ

اور نہ ناقص کرو تم لوگون سی چیزین انکی یعنی حقوق انکی کو اور نہ فساد کرو تم بیچ زمین کے

بَعْدَ إِصْلَاحِهَا ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ

بعد درست کرنی اسکی کے یہ بہتر ہی بیچ بہلی تمہاری اگر ہو تم ایمان لانی والے

قال الملأ

ولا تقعدوا بكل صراط توعدون وتصدون عن سبيل الله

اور مت بیٹھو ساتھ ہر راہ کی کہ ڈراؤ تم لوگوں کو اور باز رکھو تم لوگوں کو راہ خدا سے

من آمن به وتبغونها عوجا واذكروا اذ كنتم قليلا فكثركم

اوس شخص کو ایمان لاتا ہی ساتھ خدا کی اور ڈھونڈھتے ہو اوس راہ کو کجی کی اور یاد کرو تم جبکہ تھی تم تھوڑے پس بہت کیا تمکو

وانظروا كيف كان عاقبة المفسدين ۝ وان كان طائفة

اور دیکھو تم کس طرح ہوا انجام فساد کرنی والوں کا اگر ہو تبھی ایک گروہ

منكم آمنوا بالذي ارسلت به وطائفة لم يؤمنوا

تمسے کہ ایمان لاتی تہی وہ ساتھ اوس چیز کی کہ بھیجا گیا تہا میں ساتھ اوسکی اور ایک گروہ کہ ایمان لاتی

فاصبروا حتى يحكم الله بيننا وهو خير الحاكمين ۝

پس صبر کرو تم تا اینکہ حکم کری خدا درمیان ہمارے اور وہ خدا بہتر حکم کرنی والوں کا ہی

الجزء التاسع

قال الملأ الذين استكبروا من قومه

کہا سرداروں نے اون لوگوں کی کہ سرکشی کی اونہوں نے قوم شعیب سی

لنخرجنك يا شعيب والذين آمنوا معك من قريتنا

البتہ نکالینگے ہم تجھکو اے شعیب اور اون لوگوں کو کہ ایمان لاتی ہیں ساتھ تیرے بستی اپنی سی

او لتعودن في ملتنا قال اولو كنا كارهين ۝ قد افترينا على الله

یا کہ پھیری تو بیچ دین ہمارے کی کہا شعیب نے اگرچہ ہوں ہم کراہت کرنی والی تحقیق باندھا ہم نے اوپر خدا کے

كذبا ان عدنا في ملتكم بعد اذ نجانا الله منها وما يكون

جھوٹ کو اگر پھریں ہم بیچ دین تمہارے کی بعد اسکی کہ نجات دی ہمکو خدا نے دین تمہارے سی اور نہیں ہی

لنا ان نعود فيها الا ان يشاء الله ربنا وسع ربنا كل شيء

واسطی ہمارے یہہ کہ پھریں ہم بیچ ملت کفر کی مگر یہہ کہ چاہی خدا پروردگار ہمارا احاطہ کیا ہی پروردگار ہمارے نے تمام چیزکو

علما على الله توكلنا ربنا افتح بيننا وبين قومنا بالحق و

از روی دانش کے اوپر خدا کی اعتماد کیا ہی ہمنے اے پروردگار ہمارے حکم کر تو درمیان ہمارے اور درمیان قوم ہماری کی ساتھ حق کے

انت خير الفاتحين ۝ وقال الملأ الذين كفروا

تو بہتر حکم کرنی والوں کا ہے اور کہا سرداروں نے قوم نے ایسی وہ کہ کافر ہوئی

من قومه لئن اتبعتم شعيبا انكم اذا لخاسرون ۝

قوم شعیب سی ہر آئینہ اگر پیروی کرو گی تم شعیب کی پیروی تم ہو تب بیشک ہر آئینہ زیان کار و نقصان ہوگی

فاخذتهم الرجفة فاصبحوا في دارهم جاثمين ۝ الذين

پس لیا اونکو زلزلہ نے پس ہوئی وہ بیچ گھروں اپنی کی ہلاک ہوتی والی اون لوگوں نے

كذبوا شعيبا كان لم يغنوا فيها الذين كذبوا شعيبا كانوا

کہ تکذیب کی شعیب کی گویا کہ ہرگز نہ تہی وہ بیچ اوسکی اون لوگوں نے کہ تکذیب کی شعیب کی تہی وہ

هم الخاسرين ۝ فتولى عنهم وقال يا قوم لقد ابلغتكم

زیان کاران ... پس منہ پھیرلیا اونسی شعیب نے اور کہا شعیب نے اے قوم میری ہر آئینہ تحقیق کہ پہنچایا میں نے

رسالات ربي ونصحت لكم فكيف آسى على قوم كافرين ۝

پیغامہای رب اپنی کی اور نصیحت کی میں نے بھلی تمہاری پس کیونکر غمگین ہوں میں اوپر گروہ کافروں کی

ع

قوله جاءتكم معجزة شعيب كا وہی عصا تہی موسی تہا ہر گاہ کہ ہمارا ارادہ کوسفندان اونکی

کا کرتا تہا تو وہ عصا اژدہا بن کر اوسکو دفع کرتا تہا اور شعیب کو پاسبانی کرتا تہا اور

٨

مثل صبح روشنی دیتا تہا اور راز قبیل قوا کہ جس چیز کو کہ چاہتی اوس سی حاصل ہوتی تہی اور معجزہ
شعیب تہا کہ بکریاں چرانی لکڑی جس چیز پر کہ چرانی کرتا تہا ... شعیب اور بہت ... اہل مدین ہوئی

وما ارسلنا في قرية من نبي الا اخذنا اهلها بالبأساء
اور نہیں بہیجا ہمنی بیچ کسی دہ کی کسیکو پیغمبر کو مگر یہ کہ پکڑا ہمنی اہل اوس دہ کو ساتہ سختی کے

والضراء لعلهم يضرعون ○ ثم بدلنا مكان السيئة
اور رنج کی شاید کہ وہ زاری کریں پہر بدل دیا ہمنی بیچ جگہہ بلا کے

الحسنة حتى عفوا وقالوا قد مس آباءنا الضراء والسراء
سلامتی کو تا آنکہ بہت ہوئی اور کہا اونہوں نی تحقیق پہنچا ہی باپ دادان ہمارے کو رنج اور خوشی

فاخذناهم بغتة وهم لا يشعرون ○ ولو ان اهل القرى امنوا
پس لیا ہمنی اونکو یکایک درحالیکہ وہ نہ جانتے تہے اور اگر تحقیق اہل دہون کی ایمان لاتی

واتقوا لفتحنا عليهم بركات من السماء والارض ولكن كذبوا
اور خوف کرتی وہ ہر آئینہ نازل کرتی ہم اوپر اونکی برکاتکو آسمان سی اور زمین سی اور لیکن تکذیب کی اونہون نے

فاخذناهم بما كانوا يكسبون ○ افامن اهل القرى ان ياتيهم
پس لیا ہمنی اونکو ساتہ عذاب کی بسبب اوس چیز کی کہ تہی عمل کرتی کیا پس بیخوف ہوئی اہل دہ کی یہ کہ آوی اونکو

باسنا بياتا وهم نائمون ○ اوامن اهل القرى ان ياتيهم
عذاب ہمارا بیچ شب کی حال اونکا سونی والی ہون آیا بیخوف ہوئی اہل دہ کی یہ کہ آوی اونکو

باسنا ضحى وهم يلعبون ○ افامنوا مكر الله فلا يامن
عذاب ہمارا بیچ وقت چاشت کی حال اونکا بازی کرتی ہون آیا پس وہ بیخوف ہوئی خدا سی پس نہیں بیخوف ہوتی

مكر الله الا القوم الخاسرون ○ اولم يهد للذين يرثون
عذاب خدا سی مگر قوم زیان کار آیا نہیں راہ دکہلاتی ہی اون لوگونکی کہ وارث ہوتی

الارض من بعد اهلها ان لو نشاء اصبناهم بذنوبهم
زمین کو بعد ہلاکت اہل اوس زمین کی یہ کہ اگر چاہتی ہم پہنچاتی ہم اونکو ساتہ گناہون اونکی کے

ونطبع على قلوبهم فهم لا يسمعون ○ تلك القرى نقص
اور مہر کرتی ہم اوپر دلون اونکی کی پس وہ نہ سنتی کسی چیز کو یہہ دیہات کہ بیان کرتی ہیں

عليك من انبائها ولقد جاءتهم رسلهم بالبينات
اوپر تیرے خبر اونکی سی اور ہر آئینہ تحقیق کہ آئی اونکو رسول اون ہمارے ساتہ معجزات روشن کی

فما كانوا ليؤمنوا بما كذبوا من قبل كذلك يطبع الله على
پس تہی وہ کہ ایمان لاوین بسبب اوس چیز کی کہ تکذیب کی تہی اونہون نے قبل اس کے ... مہر کرتا ہی اللہ اوپر

قلوب الكافرين ○ وما وجدنا لاكثرهم من عهد وان
دلہای کافرون کی اور نہیں پایا ہمنی واسطی بہتون اونکی کی وفائی عہد سی اور بدرستی کہ

وجدنا اكثرهم لفاسقين ○ ثم بعثنا من بعدهم موسى
پایا ہمنی بہتون اونکی کو البتہ فاسق پہر بہیجا ہمنی پیچہی اون پیغمبرون کے موسی کو

باياتنا الى فرعون وملائه فظلموا بها فانظر كيف كان
ساتہ معجزات ہماری کی طرف فرعون کی اور اونکی گروہ کی پس کافر ہوئی وہ ساتہ اونہیں معجزات کی پس دیکہہ تو کیسا تہا

عاقبة المفسدين ○ وقال موسى يا فرعون اني رسول من
انجام کار مفسدون کا اور کہا موسی نی ای فرعون بدرستیکہ میں رسول ہون جانب

رَبِّ الْعَالَمِينَ ○ حَقِيقٌ عَلَىٰ أَنْ لَا أَقُولَ عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ
پروردگار عالم سے سزاوار ہوں ساتھ اس بات کی کہ کہوں میں اوپر خدا کے مگر حق کو

قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ فَأَرْسِلْ مَعِيَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ○
تحقیق کہ آیا میں تمکو ساتھ معجزات روشن کی جانب پروردگار تمہارے سے پس بھیج ساتھ ہمارے فرزندان یعقوب کو

قَالَ إِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِآيَةٍ فَأْتِ بِهَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ
کہا فرعون نے اگر ہے تو کہ آیا ہے تو ساتھ معجزہ کی پس لا تو اوسکو اگر ہے تو راست گویوں سے

فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُبِينٌ ○ وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا
پس پھینکا موسی نے عصا اپنی کو پس ناگاہ وہ اوس جگہ اژدہا ہوا ظاہر اور نکالا ہاتھ اپنی کو پس ناگاہ وہی

هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ ○
وہ ہاتھ روشن تھا واسطی دیکھنی والوں کی فوائد

فانظر کیف کان عاقبة المفسدین منقول ہی کہ فرعون چارسی برس کی عمر رکھتا تہا اور اس مدت میں کبھی بیماری عارض نہیں ہوئی بعد چالیس دن کی حاجت بول و براز ہوتی تھی کہانا کہتی اور زکام اوسکو کبھی نہوتا تہا اور اوسکی درد کبھی سر میں ہوتا تھا قوم اپنی سی چھپاتا تہا اور اکثر کہانا اوسکا کیلا تہا یا تھو بہاتا مختصر گم ہوا اور دعوا خدائی کا کرتا تہا اور لوگ ساتھ اسکی گرویدہ ہونی کی تا اینکہ نہایت طغیانی پر ہوا ہرگاہ حضرت موسی علیہ السلام مصر سے سبب مارنی ایک قبطی کی جیسا کہ بیچ سورہ قصص کی مذکور ہو کا مدین میں آئی او صحبت شعیب میں پہونچی دختر اونکی کہ صفورا نام رکھتی تھی نکاح میں لائی بطور مقصد مراجعت کا طرف مصر کی کیا اثنا ئی راہ میں ہرگاہ وادی ایمن میں پہونچی ساتھ خلعت نبوت کی مشرف ہوئی اور معجزہ عصا اور ید بیضا انکی ہاتھہ میں آیا جیسا کہ تفصیل ان

ان قصوں کی اثنا ئی آیات اس سورہ میں اور سورہ دیگر میں مذکور ہو کی حق تعالی نی حکم کیا کہ تم دونوں جاو اور فرعون کو دعوای ربوبیت سی منع کرو موسی نی دعا کی کہ بار خدایا ہارون کو میرے ساتھ کر پس یہہ دونو مصر میں آئی اور مدت مدید در سرای فرعون مقام کی دربانان درگاہ نی [illegible] کہ فرعون تک پہونچی اسواسطی کہ لباس ان دونوکا لباس درویشی تہا چنانچہ منقول ہی کہ موسی جامہ پشمینہ پہنی تہی اور ایک رسن بازو کی کمر میں باندہی تہی اور عصا ہاتھہ میں اور نعلین پاؤں میں اور ہارون علی ہذا القیاس اور بعد از مدت مدید ایک مسخرہ فرعون نی نام ان دونوکا ذکر کیا ہے کہ بارا میں نی ایک شخص سی غریب سنا ہی اور عجیب تر اوس سخن غریب سی یہہ ہی کہ ایک مدت سی دو شخص تیری دروازے پر آکر بیٹھی ہیں اور کہتی ہیں کہ ہم پیغمبران خدا ہیں کہ نزدیک فرعون اور قوم اوسکی آئی ہیں کہ ساتھ وحدانیت خدا کی اور نبوت ہماری کی اعتقاد لاوی فرعون نی کہا کہ یہہ سخن تو کہتا ہی یا اونسی کہا کہ یہہ بروجہ ہزل نہیں کہتا ہوں بلکہ یہہ راست ہی اور ابہی میں حاضر ہوا تہا کہا اونہوں نی کہ خبر ہماری فرعون کو پہونچاو کہ تا ہمکو طلب کری اور ہم اوسکو پیغام خدا پہونچائیں فرعون نی ہرگاہ یہہ سخن سنا خوف اوسپر غالب ہوا اور رنگ رو اوسکا متغیر ہوا اور کہا کہ اونکو لاو تا دیکہوں کہ کون لوگ ہیں ہرگاہ موسی اور ہارون آئی اور آگی فرعون کی کہڑی ہوئی اور فرعون نی متوجہ ہوکر پوچہا کہ تم کون ہو کہا موسی نی کہ ای فرعون تحقیق کہ ہم بہیجی گئی ہیں جانب پروردگار عالم سی فقولہ فأرسل معي بني إسرائيل الآیہ سبب دعوت کرنی فرعون کی طرف الوہیت اپنی کی یہہ تہا کہ ہرگاہ یعقوب علیہ السلام ساتھ اولاد و [illegible] کی مصر میں آئی اور سکونت وہاں اختیار کی نسل اونکی بہت ہوئی اور یعقوب اور یوسف اور برادران دیگر نی انتقال کیا اور ملک ریان کہ فرعون یوسف کا تہا مر گیا پیشتر اوسکا مصاعب نام رکہتا تہا فرزندان یعقوب کی حرمت کرتا تہا ہرگاہ وہی

مرگیا ولید کہ فرعون زمان موسی کا تہا تخت سلطنت پر بیٹہا اور زبان ساتہہ أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلَىٰ کی
کشادہ کی ہر گاہ بنی اسرائیل نی دعوت اوسکا قبول کیا کہا اوسنی کہ باپ تمہارا اور خود میرا تہا
اور تم بندہ وزادی ہمارے ہو پس بنی اسرائیل بندگی اسکی کرتی تہی جب تک کہ موسی مبعوث ہوئے
اور کہا کہ ای فرعون دست بردار ہو بنی اسرائیل سی فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ منقول ہی کہ بہان
لب زیرین اور بالائی اژدہا کا تہا ایک کو زمین پر رکہا اور لب بالا کو کنگرۂ قصر فرعون
اور جانب تخت متوجہ ہوا لاکہ بین بار گاہ بہاگی اور فرعون بہی بہاگا اور ایک روایت
مین آیا ہی کہ بالائی تخت حدث کر دیا اور اوسدن چالیس بار حدث واقع ہوا اور بسبب کثرت
خلائق ہنگام فرار پچیس ہزار آدمی ہلاک ہوا اور فرعون نی نعرہ مارا کہ ای موسی سوگند دیتا ہون
تجکو ساتہہ اوس خدا کی کہ جسکا تو بہیجا ہوا ہی کہ عصا اپنی کو لی لی کہ مین ساتہہ تیری ایمان لاؤن
اور بنی اسرائیل کو تجہی حوالی کرون موسی نی بلند سکی سر اژدہا کو تہاما وہی عصا ہو گیا فرعون
پہر اپنی تخت پر آکر بیٹہا اور کہا کہ کوئی اور معجزہ رکہتی ہو موسی نی کہا کہ ہان پس موسی نی دست
راست کو گریبان مین ڈالا زیر بغل لائی اور نکالا ہاتہہ اپنی کو پس اوسوقت مین سفید اور روشن
دکہلا دینی لگا دہلی دیکہنی والونکی اور نسبت پہونچا ہی کہ موسی گندم گون تہی اور روشنی اسی
ہاتہہ کی نور آفتاب پر غلبہ کرتی تہی اور یہہ وہ عصا تہا کہ آدم بہشت سی لائی تہی اور بطریق ارث
درمیان اونکی کی رہا تا آنکہ شعیب تک پہنچا ہمراہ چالیس اور عصا کی تا اینکہ موسی کو اجورہ وار
اپنا کیا کہا کہ اس گہر مین جا تو ایک عصا اوس جگہہ سی لی آ اپنی لی موسی اوس گہر مین گئی اور
یہی عصا ہاتہہ مین آیا ہر گاہ نزدیک شعیب کی لائی کہا شعیب نی کہ اسکو رکہہ دی اور اور لی
موسی نی اسکو درمیان اون عصاؤنکی رکہدیا کہ تا اور لین وہ عصا پہر ہاتہہ مین آیا تہا

تین مرتبہ یہہ صورت واقع ہوتی اور ہر گاہ مرتبہ چہارم اونکی ہاتہہ مین آیا شعیب نی جانا کہ یہین
کوئی بہید ہی پوشیدہ اوسی عصا کو حوالی اونکی کیا اور حق تعالی نی اوسکو معجزہ اونکا کیا اور
روایت مین آیا ہی کہ تمام انبیا عصا کو ہاتہہ مین رکہتی تہی اور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ
علیہ وآلہ سی منقول ہی کہ عصا کو ہاتہہ مین لو کہ وہ روش پیغمبرونکی ہی اور امیر المومنین صلوات اللہ
علیہ نی فرمایا ہی کہ جو شخص سفر مین جاتی اور ہمراہ عصا بادام تلخ ہو اوقت وہ باہر جانی کی یہہ آیہ
لَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْيَنَ تا آخر عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ پڑہی حق تعالی اوسکو پناہ مین رکہتا ہے
ہر ضرر سی اور ہر موذی سی اور ہر جانور گزندہ سی تا اینکہ مراجعت کری طرف اہل اپنی کی اور
ستہتر فرشتی واسطی حفاظت اوسکی کی رہتی ہین اور اوسکی واسطی استغفار کرتی ہین القصہ
ہر گاہ فرعون نی اس معجزہ کو مشاہدہ کیا چاہا کہ ایمان لاوی ہامان وزیر اوسکی نی
کہا کہ ای فرعون مدت سی تو دعوائی خدائی کا کرتا ہی اور ایک عالم کو مسخر کیا ہی اور اب
بندگی کیا چاہتا ہی ایک بندی کی یہہ امر مستقبح ہی پس فرعون نی موسی سی کہا کہ مجکو مہلت
دی کل تک موسی نی کہا کیا مضائقہ دوسری دن موسی نزدیک فرعون کی آئی اور
کہا کہ حق تعالی نی فرمایا کہ اگر تو ایمان پر لاوی تو اس بادشاہی کو تیری پاس رہنی دینگی
اور دونگا مین اور جوانی اور قوت کو پہر لاونگا مین ہر گاہ موسی نی اس پیغام کو ادا کیا فرعون نی
اس صورت کو وزیر اپنی ہامان سی بیان کیا ہامان نی کہا کہ ابہی مین تجکو جوان کئی دیتا ہون بعد
حکم کیا کہ وسمہ لاوا اور ریش فرعون کو ساتہہ اوسکی سیاہ کیا فرعون اس ترتیب مین اوسکی آگیا اور ایمان نہ لایا
قَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِ فِرْعَوْنَ إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ عَلِيمٌ ۝ يُرِيدُ
کہا سرداران قوم فرعون سی بدرستی یہہ مرد جادو کرنی والا ہی ماہر یہی چاہتا ہی

أَن يُخْرِجَكُم مِّنْ أَرْضِكُمْ ۖ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ ۝ قَالُوا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ

یہ کہ نکال دے تمکو زمین تمہاری سے پس کیا حکم کرتے ہو تم کہا انہوں نے مہلت دے موسی کو اور بھائی کو

وَأَرْسِلْ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ ۝ يَأْتُوكَ بِكُلِّ سَاحِرٍ عَلِيمٍ ۝

اور بھیج تو بیچ شہروں کے مردمان جمع کرنے والے جادوگروں کو لاویں تیرے پاس ہر جادوگر دانا کو

وَجَاءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوا إِنَّ لَنَا لَأَجْرًا إِن كُنَّا نَحْنُ

اور آئے جادوگر نزدیک فرعون کے کہا انہوں نے تحقیق واسطے ہمارے ہر آئینہ اجرت بڑا ہے اگر ہوں ہم

الْغَالِبِينَ ۝ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ۝ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِمَّا

غلبہ کرنے والے کہا فرعون نے ہاں اور بتحقیق تم ہر آئینہ مقربوں میں ہوگے کہا انہوں نے کہ اے موسی یا

أَن تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن نَّكُونَ نَحْنُ الْمُلْقِينَ ۝ قَالَ أَلْقُوا ۖ فَلَمَّا أَلْقَوْا

یہ کہ پھینکے تو عصا اپنی کو یا یہ کہ ہوں ہم پھینکنے والے ... کہا موسی نے پھینکو تم پس جب کہ پھینکا

سَحَرُوا أَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَاءُوا بِسِحْرٍ عَظِيمٍ ۝ وَ

جادو کیا انہوں نے اوپر آنکھوں لوگوں کے اور ڈرایا انہوں نے لوگوں کو اور لائے وہ جادو بڑا کو

أَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ ۖ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ

اور وحی کی ہم نے طرف موسی کی یہ کہ پھینک تو عصا اپنی کو پس ناگاہ وہ نگلتا ... اوس کو

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانقَلَبُوا

پس ظاہر ہوا حق اور دور ہوا وہ چیز کہ تھے وہ عمل کرتے پس مغلوب ہوئے وہ اوس جگہ اور پھرے وہ

صَاغِرِينَ ۝ وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ ۝ قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ

در حالت ذلیل ہونے والے اور گرائے گئے جادوگر در حالیکہ سجدہ کرنے والے کہا انہوں نے کہ ایمان لائے ہم ساتھ رب کے

الْعَالَمِينَ ۝ رَبِّ مُوسَىٰ وَهَارُونَ ۝ قَالَ فِرْعَوْنُ

پروردگار عالمیان کے کہ پروردگار موسی اور ہارون کا ہے کہا فرعون نے

آمَنتُم بِهِ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّ هَٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوهُ فِي

کہ ایمان لائے تم ساتھ موسی کی آگے اس سے کہ اذن دوں میں واسطے تمہارے تحقیق یہ ہر آئینہ مکر ہے کہ مکر کیا تم نے اوس کو بیچ

الْمَدِينَةِ لِتُخْرِجُوا مِنْهَا أَهْلَهَا ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۝

شہر مصر کے تاکہ نکالو تم اس شہر سے اہل اوس کے پس قریب ہی کہ جانو گے تم

لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ

ہر آئینہ کاٹوں گا میں ہاتھوں تمہارے کو اور پاؤں تمہارے کو خلاف ایک دوسرے ہر آئینہ سولی دونگا میں تم سب کو

قَالُوا إِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ ۝ وَمَا تَنقِمُ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِآيَاتِ

کہا انہوں نے تحقیق ہم طرف رب ہمارے کے پھرنے والے ہیں اور نہیں عیب کرتا تو ہم کو مگر یہ کہ ایمان لائے ہم ساتھ معجزات

ع رَبِّنَا لَمَّا جَاءَتْنَا ۚ رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ ۝ وَقَالَ

رب اپنی کے جب کہ آئے وہ ہمکو اے پروردگار ہمارے نازل کر اوپر ہمارے صبر اور مار ہمکو در حالیکہ اسلام لانے والے ہوں اور کہا

الْمَلَأُ مِن قَوْمِ فِرْعَوْنَ أَتَذَرُ مُوسَىٰ وَقَوْمَهُ لِيُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ

اکابر لوگ ... قوم فرعون نے کیا چھوڑ دیگا تو موسی کو اور قوم اوس کی کو تاکہ فساد کریں بیچ زمین کے

وَيَذَرَكَ وَآلِهَتَكَ ۚ قَالَ سَنُقَتِّلُ أَبْنَاءَهُمْ وَنَسْتَحْيِي نِسَاءَهُمْ

اور تاکہ چھوڑے موسی تجکو اور خدایان تیرے کو کہا فرعون نے کہ قریب قتل کریں گے ہم فرزندان اونکے کو اور زندہ رکھیں گے ہم ...

وَإِنَّا فَوْقَهُمْ قَاهِرُونَ ۝ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ اسْتَعِينُوا بِاللَّهِ

اور تحقیق ہم اوپر اونکے غالب ہیں کہا موسی نے واسطے قوم اپنی کے طلب مدد کرو ساتھ خدا کی

وَاصْبِرُوْا اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَاۤءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَالْعَاقِبَةُ

اور صبر کرو تم بدرستی کہ زمین واسطی خدا کی ہی وارث کرتا ہی اوسکو جسکو چاہتا ہی اپنی بندوں سی اور انجام کار

لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ قَالُوْا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا

واسطی پرہیزگاروں کی ہی کہا اونہوں نی تو موسی کی ایذا دئی جاتی تھی ہم آگی اس سی کہ آوی تو ہمارے پاس اور بعد اوسکی کہ آیا تو

قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ

کہا موسی نی قریب ہی کہ تمہارا رب ہلاک کری دشمن تمہارے کو اور خلیفہ کری تم کو بیچ زمین کے

ع فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝

پس دیکھے خدا کسطرحسی عمل کرتی ہو تم

قولہ سٰحِرٌ عَلِيْمٌ منقول ہی کہ قلمرو فرعون میں ساحر بہت تھی اور دو شخص تھی کہ مہارت
تمام رکھتی تھی ہرگاہ قاصد فرعون اونکی طلب کو پہونچا اونہی سی پوچھا کہ قبر باپ ہمارے کی کہاں
ہی ماں اونکی نی نشان بتلایا اور وہ قبر پر گئی اور پکارا اور کہا اونہوں نی کہ ای پدر
بادشاہ مصر نی ہمکو طلب کیا ہی اسواسطی کہ دو شخص آئی ہیں کہ ہرگاہ وہ عصا اپنی کو ڈالتی ہیں
اژدہا ہو جاتا ہی اور جو سامنی آتا ہی اوسی کہا لیتا ہی اور فرعون نی ہمکو واسطی مقابلہ اونکی
بلایا ہی اونکی باپ نی جواب دیا کہ ہرگاہ مصر میں پہنچو تم دریافت کیجیو وقت خواب وہ عصا
اژدہا ہو جاتا ہی کہ نہیں اگر اژدہا ہو جاتا ہو سحر نہیں ہی اور اگر عصا کا عصا رہتا ہو تو سحر ہی
اسواسطی کہ سحر ساحر کا وقت سونیکی باطل ہو جاتا ہی پس یہہ دونو جادوگر ہمراہ شاگردوں اور
مصاحبونکی کہ بارہ آدمی تھی روانہ ہوئی اور بعضوں نی کہا ہی کہ تیس ہزار تھی اور بعضوں نی
کہا ہی کہ ستر ہزار تھی اور ایک روایت ہی کہ اسی ہزار تھی کہ مصر میں آئی اور درگاہ فرعون

میں جمع ہوئی کسطرحسی کہ حق تعالی فرماتا ہی وَجَاۤءَ السَّحَرَةُ منقول ہی کہ سرداران ساحرون
کی چار شخص تھی دو برادر کہ سابور و غادور اور دو دیگر حطط و مصفی ان چارون کا بھی ایک
سردار تھا کہ اوسکا نام شمعون تھا ہرگاہ مصر میں آئی اور سابور اور غادور واقعہ حال
خواب پدر اپنی کو قوم سی کہا لوگوں نی قصہ خواب اور بیداری موسی سی سوال کیا چنانچہ معلوم
ہوا کہ جب موسی خواب میں جاتی ہیں تو وہ عصا اژدہا بنکر پاسبانی کرتا ہی اسکو دغدغہ در
اور خوفناک ہوئی اور پوشیدہ کیا اس امر کو تا اینکہ فرعون لعین نی موسی کو طلب کیا
اور مقرر کیا کہ ساحروں کی ساتھہ معارضہ کرو ساحرون نی عصا اور رسیاں اپنی کو میدان میں پھینکا
اور یہہ جمع زمین سکندریہ پر واقع ہوا اور تمام لشکریان ہان جمع ہوئی تھی اور فرعون
تخت پر اپنی واسطی سیر کی بیٹھا ہوا تھا اور وہ ستر ہزار ساحر ایک طرف صف باندھی ہوئی تھی
اور موسی اور ہارون ایکطرف بعد اسکی ساحروں نی بطریق ادب کہا کہ ای موسی اما
اَنْ تُلْقِيَ الخ قولہ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ یعنی خلاف کی یہہ ہیں کہ قطع کیا جائی دست راست
ساتھہ پای چپ کی اور دست چپ ساتھہ پای راست مروی ہی کہ اول اوس شخص کا کہ ہاتھ پاؤں
قطع اور صلب کیا فرعون تھا قولہ مُنْقَلِبُوْنَ حاصل اسکا یہہ ہی کہا ساحروں نی کہ ہمکو
کیا ڈراتا ہی تو اور قتل سی کیا خوف دلاتا ہی تو اسواسطی کہ اس ہنگام میں ہم مرگ
کی مشتاق میں زیادہ اوس اشتیاق سی کہ تشنہ پانی سرد کا مشتاق ہوتا ہی اسواسطی
کہ سبب کہ ہم طرف ثواب پروردگار اپنی کی پہنچنی والی ہیں قولہ مُسْلِمِيْنَ منقول ہی یہہ جماعت
صبح کو کافر تھی اور چاشتگاہ میں ساحر ہوئی اور نماز پیشین میں مومن ہوئی اور نماز دیگر میں تیغ فرعون
سی گذرتا تھا ہاتھہ پاؤں کاٹی گئی اور نماز مغرب میں بہشت میں پہونچی تکملہ کوع چہارم سیپارہ نہم قولہ مَنْ آلِ

من عبادہ تیرہ حرف ہیں نیات اونکی پاس چھپا سی موتی ہیں نکلی نیات اولٰئک امین المؤمنین
والعاقبة للمتقین سات حرف ہیں ... اکثر موتی ہیں نکلی ... وهم على الزكوة والهم

وَلَقَدْ أَخَذْنَا آلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِينَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرَاتِ
اور البتہ تحقیق پکڑا ہمنی قوم فرعون کو ساتھ خشک سالی کی اور ساتھ کمی کی میووں سے
لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ○ فَإِذَا جَاءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوا لَنَا هَٰذِهِ
شاید کہ وہ پند لیوین پس جب کہ آوی اونکو بھلائی کہتی وہ کہ واسطی ہمارے ہے یہ
وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَطَّيَّرُوا بِمُوسَىٰ وَمَن مَّعَهُ أَلَا إِنَّمَا
اور اگر پہنچے اونکو برائی فال بد کرتی ہیں ساتھ موسیٰ کی اور اوس شخص کی کہ ساتھ اوسکی ہے آگاہ ہو سوائی اسکی نہیں
طَائِرُهُمْ عِندَ اللَّهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○ وَقَالُوا مَهْمَا
کہ فال بد اونکی نزدیک خدا کی ہی اور لیکن بہت اونکی نہیں جانتی ہیں اور کہا اونہوں نے جو کونسی چیز
تَأْتِنَا بِهِ مِنْ آيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ ○ فَأَرْسَلْنَا
لاویگا تو ہمکو معجزہ سی تاکہ جادو کری تو ہمکو ساتھ اوسکی پس نہیں ہیں ہم واسطی تیری ایمان لانی والی پس بھیجی ہمنی
عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ
اوپر اونکی طوفان کو اور ٹڈی کو اور جوں وغیرہ کو اور مینڈک کو اور خون کو نشانیاں
مُّفَصَّلَاتٍ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ○ وَلَمَّا
ظاہر پس گردن کشی کی اونہوں نی اور تھی وہ قوم گنہگار اور جب کہ
وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوا يَا مُوسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ
نازل ہوا اوپر اونکی عذاب کہا اونہوں نی ای موسیٰ دعا کر واسطی ہمارے رب اپنی کو ساتھ اوس چیز کہ عہد کیا ہے

عِندَكَ لَئِن كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَ
کہ عہد کیا ہے نزدیک تیری البتہ اگر دور کریگا تو ہم سی عذاب کو البتہ ایمان لاوینگی ہم واسطی تیری اور
لَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ○ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰ
البتہ بھیجینگی ہم ساتھ تیری فرزندان یعقوب کو پس جب کہ دور کیا ہمنی اونسی عذاب کو تک
أَجَلٍ هُم بَالِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ ○ فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ
ایک مدت کی کہ وہ پہنچنی والی تھی ناگہان وہ عہد توڑتی تھی پس بدلا لیا ہمنی اونسی پس ڈبو دیا ہمنی اونکو
